# SENATE OF PAKISTAN

# SENATE DEBATES

*Tuesday, September 21, 2004*

The Senate of Pakistan met in the Senate Hall (Parliament House) Islamabad, at thirty eight minutes past six in the evening with Mr. Acting Chairman (Mr .Khalil-ur-Rehman) in the Chair.

---------------------

*Recitation from the Holy Quran*

آعوذ باللہ من الشیطٰن الرجیم

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

فما اوتیتم من شیء فمتاع الحیوة الدنیا (ج) وما عند اللہ خیر و
ابقٰی للذین امنو ا وعلٰی ربهم یتوکلونO والذین یجتنبوکبر الاثم
والفواحش واذا ما غضبوا هم یغفرونO والذین استجابو الربهم
واقامو االصلٰوة وامرهم شورٰی بینهم ومما رزقنٰهم ینفقونO
والذین اذا اصابهم البغی هم ینتصرونO وجزٰؤ ا سیئة سیئة مثلها
(ج)فمن عفاو اصلح فاجره علی اللہ (ط)انه لا یحب الظلمینO

ترجمہ۔ (لوگو) جو (مال و متاع) تم کو دیا گیا ہے وہ دنیا کی زندگی کا
(ناپائیدار) فائدہ ہے۔ اور جو کچھ خدا کے ہاں ہے وہ بہتر اور قائم رہنے والا

ہے (یعنی) ان لوگوں کے لیے جو ایمان لائے اور اپنے پروردگار پر بھروسا رکھتے ہیں۔ اور جو بڑے بڑے گناہوں اور بے حیائی کی باتوں سے پرہیز کرتے ہیں۔ اور جب غصہ آتا ہے تو معاف کر دیتے ہیں۔ اور جو اپنے پروردگار کا فرمان قبول کرتے ہیں اور نماز پڑھتے ہیں۔ اور اپنے کام آپس کے مشورے سے کرتے ہیں اور جو مال ہم نے ان کو عطا فرمایا ہے اس میں سے خرچ کرتے ہیں۔ اور جو ایسے ہیں کہ جب ان پر ظلم و تعدی ہو تو (مناسب طریقے سے) بدلہ لیتے ہیں۔ اور برائی کا بدلہ تو اسی طرح کی برائی ہے مگر جو درگزر کرے اور (معاملے کو) درست کر دے تو اس کا بدلہ خدا کے ذمے ہے اس میں شک نہیں کہ وہ ظلم کرنے والوں کو پسند نہیں کرتا۔

(شوریٰ، ۳۶ تا ۴۰)

**جناب قائم مقام چیئرمین:** بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔

I am gratified to announce that we have a new replacement in the form of Sardar Muhammad Khan.

سردار محمد خان صاحب! آپ ذرا یہاں آجائیں تا کہ آپ سے حلف لیا جائے

so this House becomes legitimate because there is an outsider at the moment.

(اس موقع پر سردار محمد خان نے بطور سینیٹر حلف اٹھایا)

**Senator Mian Raza Rabbani:** Sir, my point of order is related to the oath taking. So, we can get over with this then we can go on.

**سینیٹر پروفیسر خورشید احمد:** اگر oath-taking کے بارے میں ہے تو فرمائیں۔

**Senator Mian Raza Rabbani:** My Point of order is related to the oath taking.

**جناب قائم مقام چیئرمین:** فرمائیں۔

## POINT OF ORDER

## RE: NEW MEMBER WOULD AVAIL THE UNEXPIRED TERM.

Senator Mian Raza Rabbani: Mr. Chairman! I would like to draw the attention of this House through you to a gross irregularity which is being committed by the Election Commission of Pakistan and it continues to commit that gross irregularity. We have had two by-elections to the Senate and if you look at clause 3 of Article 59 of the Constitution and if you read section 8(b) of the conduct of Election order ,2002, they say that the Senator who will be coming in to fill the term would continue for the unexpired term. But now unfortunately the position is that none of us including yourself are aware as to what is our term. Are we there for a period of three years or are we there for a period of six years.

I would draw your attention sir, to Section 82(a) of the Conduct of Elections in the Senate Act, 1975 which says, "drawing of lots for determining term of office of individual members for the purpose of dividing the members into two groups, the Commissioner shall draw lots in the prescribed manner and in the presence of such members or the persons authorize by them in writing as may be President after notifying in the official gazzate the time and place of drawing of lots.

Now sir, I concede here that 82(a) does not prescribe a time limit but the Supreme Court has laid down in a number of decisions that when no time limit is prescribed, it is a reasonable time and reasonable time by

the Supreme Court has been defined as 90 days and we are well over 90 days and the Election Commission tailored ways to draw lots for the members as to who is there for six years and who would be retiring after three years. I wanted to bring this in your notice.

Mr. Acting Chairman: Thank you very much. I think first time it has happened which is end of three years but Doctor Sahib can you clear this issue?

ڈاکٹر شیر افگن خان نیازی (وزیر برائے پارلیمانی امور)، جناب چیئرمین! یہ صاف بات ہے کہ

This Senate which is not dissolved but it was dissolved. It has been re-constituted and revived this time. Therefore, all the members who have been elected to this House, they will go out of draw. There are two divisions in a three year each, whosoever is hit by that draw that is luck and other thing which was very important which he should have pointed out, any vacancy falls against that vacancy if anybody comes into as a Senator, rest of the period which is to be enjoyed that is to be given to that elected member. Third point which has got to beclarified as your honour has very much said that he is stranger, he is not a stranger when he came in. He came as a returned candidate to the Election Commission, they duly notified him when a person that's selected, is notified by the Election Commission of Pakistan comes into the House is an elect member, he is not a stranger at all and then his oath is administered before the House, then he takes oath before the House, that is my point of view

which I want to explain.

Mr. Acting Chairamn: You are entitled to explain your point of view. yes.

Senator Mian Raza Rabbani: The point is what was the point of view of the honourable Minister. Because he reiterated what I have saidthis is excatly what I said that the Senate has come into existence now and that I think it has to be divided into two parts: one who will serve a term for six years the others who will retire after three years and I also said that the by-election is for the unexpired period of the term. Now is the Minister going to make a commitment that the Election Commission.........

*(Interruption)*

Mr. Acting Chairman: I am going to aske. Wasim Sahib

Senator Wasim Sajjad (Leader of the House): First of all, sir, the point of order which has been raised, although the honourable member said it pertains to oath of member, it has no connection with the oath of member. He has raised the general point and that is that the draw which was to take place or which should take place to decide who will complete a term of six years and who will be completing a term of three years, it should be done. I think nobody can have any quarrel with that statement; yes, it should be done and it is upto the Election Commission. An other question is what is reasonable? The word "reasonable" has always to be understood in the context in which the term is used and in this context the word "reasonable" would be because this is our previous

practice also, any time before the three years period, because no prejudice has been caused to anybody, what is not knowing today whether I am going to be there for three years or six years. So I would say, a reasonable period would be any reasonable period before that three years time expires and before that, the Election Commission, I am sure will make necessary arrangements so that in accordance with the rules a draw is made and determination can be made.

Mr. Acting Chairman: Last time when it happened it was almost the end of three years, you know, and why not stay into that state.

Senator Mian Raza Rabbani: Sir, the point is that if you would recall, may be my memory is not with me but if you would recall, last time immediately after the oath taking or there about the draws were held and why has not prejudice been caused, prejudice is being caused if I am unaware as to what is my term of office, am I there for three years or am I there for six years. The point is that when I get myself elected I must know that what is my term of office and prejudice is also being caused and it is related to the oath taking because the honourable member who has now taken oath again is unaware that what is the duration of term that he is supposed to be completing.

Mr. Acting Chairman: The point is sir ,that the point is taken.

Senator Ch. Muhammad Anwar Bhinder: Sir, after the expiry of three years there was a lot and those who fell in the lot, they retired and the others continued for six years.

Mr. Acting Chairman: The point has been brought home.

*(Interruption)*

ڈاکٹر شیر افگن خان نیازی (وزیر برائے پارلیمانی امور): یہ ٹومیاں اور لوٹا۔

Mr. Acting Chairman: So that was unparliamentary word.

آپ کیا کہتے ہیں۔

Dr. Sher Afghan Khan Niazi: Do not cry to *Lota*.

*(Interruption)*

Mr. Acting Chairman: You know, the great difficulty at the Private Members Day. Let us not get into cutlery and crockery.

*(Interruption)*

سینیٹر محمد اسحاق ڈار، جناب آپ نے مجھے floor دیا ہے۔ منسٹر صاحب سے کہیں وہ بیٹھ جائیں۔

(مداخلت)

Dr. Sher Afghan Khan Niazi: They are the *Lotas*. They have no proper parties.

*(Interruption)*

جناب قائم مقام چیئرمین، پروفیسر صاحب آپ فاتحہ پڑھیں۔

سینیٹر محمد اسحاق ڈار، جناب آپ نے مجھے floor دیا ہوا ہے۔

جناب قائم مقام چیئرمین، ڈاکٹر صاحب ان کا پوائنٹ آف آرڈر تھا کہ تین سال تک انہیں term کا پتہ نہیں ہے۔

Senator Mian Raza Rabbani: What is the Rules and Procedure. You have the floor crossing articls suspended and he comes

as a Minister, now he is talking about the Rules and Procedure.

*(Interruption)*

Dr. Sher Afghan Khan Niazi: My humble submission is to kindly run this House according to the Rules and Procedure.

Mr. Acting Chairman: We are running this House

آپ بیٹھ جائیں۔ ڈاکٹر صاحب آپ بیٹھ جائیں۔ آپ فرمائیں جی but very short

سینیٹر محمد اسحاق ڈار، جناب بہت بہت شکریہ' جناب جو سینیٹر رضا ربانی صاحب نے

کہا ہے اور جو وزیر صاحب نے یا وسیم سجاد صاحب نے کہا ہے۔ کہ boths are saying the

same thing کہ rules require but only the timing. No sir, it is bearing یہ کہنا کہ

یہ prejudice نہیں ہے اس کا مقصد نہیں ہے۔

let me say and illustrate and everybody to understand, let us say that the seat which has been vacated on which your member has a right in this House today and has taken oath

جناب اگر یہ determine ہوا تھا کہ

the member who has vacated, he was for three or six years. Obviously this gentleman would have completed the remainder of the term, either three or six years. Now when the ballot will take place instead of Shaukat Aziz he had three years and this gentleman would have completed three years. Now this time he may be lucky. .

Mr. Acting Chairman: The points have come

ڈار صاحب بیٹھ جائیں۔

سینیٹر محمد اسحاق ڈار: جناب مجھے یہ بتائیں کہ اس میں گورنمنٹ کا کیا مسئلہ ہے۔

جناب قائم مقام چیئرمین: کوئی مسئلہ نہیں ہے۔ We shall communicate

to the Government to sort it out. Please پروفیسر صاحب start کریں۔

# FATEHA TO DEMISED SOUL OF MAULANA INAYT UR REHMAN(MNA)

سینیٹر پروفیسر خورشید احمد، بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ شکریہ جناب چیئرمین۔ میں بڑے افسوس کے ساتھ جیسا کہ آپ نے اعلان کیا اس سے آگاہ کرزہا ہوں کہ آج قومی اسمبلی کے محترم رکن مولانا عنایت الرحمن صاحب اللہ کو پیارے ہوگئے ہیں۔ مولانا عنایت الرحمن صاحب ایک جید عالم دین، ایک سیاست دان اورپارلیمنٹیرین تھے۔1985 میں وہ منتخب ہو کر اسمبلی میں آئے اور اس کے بعد سے مختلف terms میں برابر حصہ ادا کرتے رہے۔ مالاکنڈ سے ان کا تعلق تھا۔ مدرسے کے مہتمم اور ذمہ داری کا یہ احساس تھا کہ گو وہ کینسر جیسے موذی مرض میں مبتلا تھے لیکن اس پورے عرصہ میں انہوں نے تعلیم و تدریس کی ذمہ داری سے ایک دن بھی غفلت نہیں برتی۔ اپنے انتقال سے پہلے تک اپنا کام انجام دیتے رہے۔ پارلیمنٹ میں شرکت بھی اور تدریس بھی۔ جماعت اسلامی کے مجلس شوریٰ کے رکن بھی رہے ہیں ان کے انتقال پر ہم سب کے دل سوگوار ہیں۔ اللہ کا حکم ہر چیز پر غالب ہے۔ ہم سب کو ایک دن مرنا ہے اور ہم سب کی دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ ان کی اچھی خدمات کو قبول فرمائے، ان کی بشری کمزوریوں سے درگزر فرمائے، ان کی مغفرت کرے اور آگے کے مراحل ان کے لئے آسان کرے۔ ان کے لئے دعائے مغفرت کرلیں اور اس کے ساتھ ہی میں قائد ایوان سے یہ درخواست کروں گا کہ جس طرح اس سے پہلے اہم مواقع پر وہ کرتے رہے ہیں، گو ہر ایوان کی اپنی اپنی روایات ہوتی ہیں لیکن سینیٹ بھی اس معاملے میں یہ ضرور کرے کہ ایک قرارداد ان کے پسماندگان تک ہم سب کے غم کو پہنچانے کے لئے منظور کرلی جائے اور ثواب دارین کے لئے دعائے مغفرت کرلی جائے۔

(اس مرحلے پر دعائے مغفرت کی گئی)

جناب قائم مقام چیئرمین، وسیم سجاد صاحب۔

سینیٹر وسیم سجاد (قائد ایوان)، جناب ! میں یہ عرض کرنا چاہوں گا کہ جو تجویز

پروفیسر خورشید احمد صاحب نے دی ہے مجھے منظور ہے ۔ اب میرا خیال ہے ایوان کی طرف سے قرارداد کی شکل میں ایک پیغام بھجوا دیا جائے۔

## LEAVE OF ABSENCE

جناب قائم مقام چیئرمین، شکریہ ۔ تھوڑا صبر کریں۔ پہلے leave applications.

جناب نثار اے میمن بعض مصروفیات کی بنا پر مورخہ ۱۵ اور ۱۷ ستمبر کو اجلاس میں شرکت نہیں کر سکے ۔ اس لئے انہوں نے ایوان سے ان تاریخوں کے لئے رخصت کی درخواست کی ہے۔ کیا رخصت منظور ہے؟

(رخصت منظور کی گئی)

جناب قائم مقام چیئرمین، میر ولی محمد بادینی ذاتی مصروفیات کی بنا پر مورخہ ۱۵ ستمبر کو اجلاس میں شرکت نہیں کر سکے ۔ اس لئے انہوں نے ایوان سے اس تاریخ کی رخصت کی درخواست کی ہے ۔ کیا رخصت منظور ہے ؟

(رخصت منظور کی گئی)

جناب قائم مقام چیئرمین، ڈاکٹر کوثر فردوس ذاتی مصروفیات کی بنا پر مورخہ ۱۵ ستمبر کو اجلاس میں شرکت نہیں کر سکیں ۔ اس لئے انہوں نے اس تاریخ کے لئے ایوان سے رخصت کی درخواست کی ہے ۔ کیا رخصت منظور ہے ؟

(رخصت منظور کی گئی)

جناب قائم مقام چیئرمین، محترمہ عابدہ سیف ذاتی مصروفیات کی بنا پر ۱۵ اور ۱۷ ستمبر کو اجلاس میں شرکت نہیں کر سکیں ۔ اس لئے انہوں نے ایوان سے ان تاریخوں کے لئے رخصت کی درخواست کی ہے۔ کیا رخصت منظور ہے ؟

(رخصت منظور کی گئی)

جناب قائم مقام چیئرمین، محترمہ نگہت آغا مورخہ ۱۵ اور ۱۷ ستمبر کو اجلاس میں شرکت نہیں کر سکیں ۔ اس لئے انہوں نے ان تاریخوں کے لئے ایوان سے رخصت کی درخواست کی ہے ۔ کیا رخصت منظور ہے ؟

(رخصت منظور کی گئی)

جناب قائم مقام چیئرمین: پروفیسر خورشید احمد ملک سے باہر ہونے کی بنا پر مورخہ ۱۸ ستمبر کو اجلاس میں شرکت نہیں کر سکے۔ اس لئے انہوں نے ایوان سے اس تاریخ کے لئے رخصت کی درخواست کی ہے۔ کیا رخصت منظور ہے؟

(رخصت منظور کی گئی)

جناب قائم مقام چیئرمین: جناب ایاز مندوخیل نے ناسازی طبع کی بنا پر آج مورخہ ۲۱ ستمبر کے لئے ایوان سے رخصت کی درخواست کی ہے۔ کیا رخصت منظور ہے؟

(رخصت منظور کی گئی)

جناب قائم مقام چیئرمین: صاحبزادہ خالد جان نے ذاتی مصروفیات کی بنا پر آج مورخہ ۲۱ ستمبر کے لئے ایوان سے رخصت کی درخواست کی ہے۔ کیا رخصت منظور ہے؟

(رخصت منظور کی گئی)

جناب قائم مقام چیئرمین: جناب مشاہد حسین سید نے ذاتی مصروفیات کی بنا پر مورخہ ۲۱ ستمبر کے لئے ایوان سے رخصت کی درخواست کی ہے۔ کیا رخصت منظور ہے؟

(رخصت منظور کی گئی)

جناب قائم مقام چیئرمین: سردار محمد لطیف کھوسہ نے ناسازی طبعیت کی بنا پر حالیہ مکمل اجلاس کے لئے ایوان سے رخصت کی درخواست کی ہے۔ کیا رخصت منظور ہے؟

(رخصت منظور کی گئی)

جناب قائم مقام چیئرمین: جناب رضا حیات ہراج وزیر مملکت برائے پارلیمانی امور نے اطلاع دی ہے کہ وہ اسلام آباد سے باہر ہیں۔ اس لئے مورخہ ۲۷ ستمبر تک اجلاس میں شرکت نہیں کر سکیں گے۔ جناب محمد علی ملکانی نے اطلاع دی ہے کہ وہ سرکاری دورے پر کراچی میں ہیں۔ اس لئے آج مورخہ ۲۱ ستمبر کو اجلاس میں شرکت نہیں کر سکیں گے۔

سردار یار محمد رند وفاقی وزیر برائے سرحدی امور نے اطلاع دی ہے کہ وہ سرکاری دورے پر کوئٹہ میں ہیں۔ اس لئے وہ اجلاس میں شرکت نہیں کر سکیں گے۔ جی کاکڑ صاحب۔

## POINT OF ORDER

## RE: NHA HAS DISMISSED NINE EMPLOYEES BELONGING TO BALOCHISTAN.

سینیٹر محمد سرور خان کاکڑ: جناب چیئرمین ! میں پوائنٹ آف آرڈر پر آپ سے عرض کرنا چاہتا ہوں کہ بلوچستان کے بارہ ملازمین کو نیشنل ہائی وے اتھارٹی سے فارغ کر دیا گیا ہے جبکہ ان کی نو ، نو سال سروسز ہیں۔ اب وہ نو ، نو سال کے بعد جب گھروں کو لوٹیں گے تو کیا کریں گے ؛ نیشنل ہائی وے اتھارٹی میں اور بھی لوگوں کو regularize کیا گیا تھا لیکن بلوچستان کے بارہ لوگوں کو regularize نہ کرکے زیادتی کی ہے اور میں آپ کی اس پر ruling بھی چاہتا ہوں ، میں نے سولہ تاریخ کو اس پر call attention notice بھی دیا تھا لیکن ابھی تک call attention notice procedure میں ہے جب وہ پورا ہو جائے گا تو دو مہینے اور گزر جائیں گے تو call attention notice کا مقصد بھی ختم ہو جائے گا تو میں نے point of order پر یہ request کی ہے کہ آپ مہربانی کرکے یہ جو بارہ آدمی National Highway Authority سے بغیر کسی وجہ کے ، نہ ان کے اوپر کوئی corruption کا الزام ہے ، نہ کوئی اور الزامات ہیں ، بارہ آدمیوں کو 9 سال کے بعد نوکریوں سے نکالنا زیادتی ہے ان کو کسی اور جگہ کھپایا جا سکتا تھا۔

جناب قائم مقام چیئرمین ، کاکڑ صاحب آپ نے اپنا point پیش کر دیا ہے ، حکومت نے سن لیا ہے۔

Mr. Babar Ghauri, do you want to answer although you are not obliged to answer but if you want, you can answer, it is a point of answer.

سینیٹر محمد سرور کاکڑ: جناب والا! میں ابھی تک point of order پر ہوں ، میں نے call attention notice دیا تھا ، ایک عرصہ ہو گیا ہے ابھی تک نہیں آیا۔

جناب قائم مقام چیئرمین ، کاکڑ صاحب! وہ procedure میں ہے آپ نے خود کہا ہے ، جب وہ آئے گا تو پھر آئے گا۔

سینیٹر محمد سرور کاکڑ، وہ پھر قیامت کے دن آجائے گا۔

جناب قائم مقام چیئرمین، نہیں قیامت کو نہیں آئے گا' ایک دن پہلے آئے گا۔

سینیٹر محمد سرور کاکڑ، جناب والا! اگر آپ کے پاس جگہ نہیں تو ان بارہ آدمیوں کو وفاقی کابینہ میں لیا جائے۔ آپ مہربانی کریں ان بارہ آدمیوں کو وفاقی کابینہ میں شامل کریں اگر National Highway Authority میں جگہ نہیں ہے۔

جناب قائم مقام چیئرمین، آپ وزیر صاحب کی بات سنیں، وہ آپ کے لیے کھڑے ہوئے ہیں حالانکہ point of order does not need answer at all but he is getting up.

سینیٹر بابر خان غوری (وزیر برائے جہازرانی)، کاکڑ صاحب ہمارے اس ایوان کے معزز رکن ہیں اور انہوں نے جو چیز point out کی ہے چونکہ پہلے مواصلات سے میرا تعلق تھا اور شمیم صاحب باہر گئے ہیں، میں ان کے علم میں لانا چاہتا ہوں کہ National Highway Authority میں contract basis کی بنیاد پر جن ملازمین کو لیا جاتا ہے، مدت پوری ہونے کے بعد ان کو نکال دیا جاتا ہے اگر ان کی further ضرورت نہ ہو۔ لیکن اگر یہ کہتے ہیں کہ ان کے ساتھ زیادتی ہوئی ہے تو اس سلسلے میں ہم تحقیقات کر لیں گے اور ان کی تفصیل کاکڑ صاحب ہمیں provide کر دیں میں ان کو assurance دیتا ہوں کہ اس وجہ سے نہیں کہ ان کا تعلق بلوچستان سے ہے، سندھ، پنجاب، سرحد میں جہاں جہاں بھی ایک مخصوص مدت کے لیے جو ملازمین contract پر لیے جاتے ہیں ان کی مدت پوری ہونے کے بعد اگر ان کی ضرورت نہیں ہوتی تو وہ contract ختم ہو جاتا ہے اگر ان کے ساتھ کوئی زیادتی کی گئی ہے تو حکومت کی طرف سے میں assurance دلاتا ہوں کہ ان کے ساتھ زیادتی نہیں ہونے دیں گے، کاکڑ صاحب ہمیں ان کے نام اور دوسری تفصیلات مہیا کر دیں، شکریہ۔

Mr. Acting Chairman: Fine. Mian Raza Rabbani.

Senator Mian Raza Rabbani: Thank you Mr. Chairman. Mr. Chairman, it is very unfortunate that today it falls upon me to stand up in

this House and to point out that despite all that has been taking place since these two Houses came into existence, despite the fact that through constitutional amendments and through laws, the powers and sovereignty of Parliament were being curtailed but all of that today seems to be of significance.

Mr. Acting Chairman: Is it a point of order?

Senator Mian Raza Rabbani: Yes sir, because I am just coming to it. Because today in actual fact Parliament and when I say Parliament I talk under Article 50 of the Constitution, that today Parliament is actually in chains. The custodian of the National Assembly, the former Speaker of the National Assembly has been sentenced to ten years rigorous imprisonment. I think sir, this is for the first time in the annuls of parliamentary history throughout the world that the custodian of a House, today it is the Speaker of the National Assembly, tomorrow it could be the Chairman of the Senate as well. It could have been the former Chairman or it could have been anybody but unfortunately sir, to he has been conviction actions while he was performing his functions as Speaker of the National Assembly....

Mr. Acting Chairman: I have a question. Through which court he has been awarded this punishment?

Senator Mian Raza Rabbani: Sir, he has been convicted by a NAB court and the NAB court does not fall within the purview of Article 68 which speaks about the High Court and the conduct of a Judge of the

Supreme Court.

Mr. Acting Chairman: Has he appealed?

Senator Mian Raza Rabbani: He has not appealed. So, it is not a matter which is subjudiced. It is a matter which has attained finality and therefore, I have every right to raise it in the House because under Article 50, the National Assembly and the Senate and the President constitute Parliament and therefore, he was the custodian of one of the Houses of Parliament.

Mr. Acting Chairman: Alright Raza Sahib. I shall allow but please have two, three speakers not more than that and similarly they have the right to speak and the time has to be constrained, otherwise we will lose this business.

Senator Mian Raza Rabbani: Right sir.

Mr. Acting Chairman: But make it very short and how many speakers want to speak?

Senator Mian Raza Rabbani: Four to five.

Mr. Acting Chairman: Not more than three.

Senator Mian Raza Rabbani: We all will be very short.

Mr. Acting Chairman: Alright.

Senator Mian Raza Rabbani: I will be very short sir. Mr. Chairman, I would like to draw your attention that how the powers of the Parliament have been encroached upon by the NAB. Sir, he was functioning under Article 88 of the Constitution of the Islamic Republic of

Pakistan which says that the expenditure of the National Assembly and the Senate within authorized appropriations shall becontrolled by the National Assembly or as the case may be the Senate acting on the advice of its Finance Committee. So, therefore, the expenditures and that includes the setting up of camp offices for which he has been accused and that also includes the giving of services for which he has been accused in the NAB reference. Who constitutes the Finance Committee, the Finance Committee of the National Assembly and the Finance Committee of the Senate under the Constitution and the Rules of Procedure are elected by the House. So, therefore, all expenditures that he undertook, all appointments that he made were in consultation with and through the Finance Committee of the House which was a duly elected body and therefore, the NAB had no jurisdiction whatsoever to encroach upon the jurisdiction of Parliament. What we are actually witnessing today is a militarization of Parliament, a threat being hurled on Parliament through the National Accountability Bureau that if you do not play according to our line of thinking then you will be subjected to such heinous punishments. Mr. Chairman, in similar cases when Members belonging to the other side have been acquitted by the NAB courts but simply because Yousaf Raza Gillani refused to become a *Lota.*

Mr. Acting Chairman: Do not use this word *'Lota'*.

Senator Mian Raza Rabbani: Sir, it is a fact. It has become a word of the political dictionary. Supreme Court has used this word.

جناب قائم مقام چیئرمین: یہ برتن کہاں سے آجاتے ہیں۔

Senator Mian Raza Rabbani: Alright, he refused to change his loyalty. He refused to sell out on the interest of the party. He refused to cow down before dictatorship that is why he has been given this sentence. Mr. Chairman sir, I would also like to point out over here sir that under NAB Ordinance the maximum sentence that can be awarded by NAB is 14 years and here the sentence that has been given to Yousaf Raza accumulatively becomes 15 years, thereby it is proved that the judgement has not been written by the Judge of the Accountability Court but it is written by the Chairman NAB, we condemn this act of the Government sir.

Mr. Acting Chairman: Thnak you. Who will speak from here? No, point of order, there is a point of order, let us get this through. Who will answer that?

نہیں دیکھیں now, let us have one each, no I am not going to do that, let us be fair.

ڈاکٹر شیر افگن خان نیازی، جناب چیئرمین! ان کا یہ فرمانا کہ وہ ملازمتیں دیں اور جو Finance Committee Constitutionally available ہے with the National Assembly اس کے حوالے سے، ان کی endorsement سے انہوں نے تمام چیزیں کیں اور وہاں پر گاڑیاں خریدیں، سارا کچھ، یہ یہی بات کر رہے ہیں اور یہ lier ہیں۔ 1992 میں Supreme Court of Pakistan نے Article-18 کی بڑی وضاحت سے تشریح کی ہے اور اسی حوالے سے جو بھی ملازمتیں ایک طریقہ کار سے ہٹ کر کی جائیں گی، وہ illegal ہیں، unconstitutional ہیں، یہ Article-18 کے تحت fundamental right ہے۔ جہاں تک یہ کہنا کہ composition

اب اس کا of the Parliament containing President as one of the constituent,
he is not a sitting speaker of the National اس سے کیا تعلق ہے۔ اب بات یہ ہے کہ
Assembly, ex تو بہت سارے ہیں ، ex-presidents ہیں ، ex-speakers ہیں
ex-ministers ہیں ، whosoever breaches the Law, whosoever, something is
done out of him against the Constitution and law, he must suffer, this is
the requirement of rule of law اور اس ملک میں یہی ایک نقطہ نہیں ہے کہ جب یہ حکومت
میں آتے ہیں

they transgress the law, they take it as a privilege and after that the law takes its course and they are trapped, they politicise it, they politicise the illegal actions, they want to say now they are fighting for the supremacy of law and the Constitution but what they are advocating, his case can be taken to the High Court then it will be decided by the Supreme Court then the finality it is given to the verdict but whatsoever they are doing, I will say, one thing is very clear that anything discussed on this august floor, by this august House is to hinder the administration of criminal justice which is against the normalcy which is against the Constitution, which is against the Law of the country, which is against the Rules of Procedures of this august House.

Mr. Acting Chairman: Thank you very much.

Dr. Sher Afgan Khan Niazi: I will humbly submit, they should refrain from this by crying and making noises, he cannot be said as a 'not convicted' or he has not committed the crime.

Mr. Acting Chairman: Raza heard you, why do not you hear

بلیدی صاحب بیٹھ جائیں۔

Dr. Sher Afgan Khan Niazi: Why becoming unruly and create rowdyism, I do not say that it is a fact what you have said, you have to go by the facts, he has been convicted by a court of competent jurisdiction.

Mr. Acting Chairman: Please, no cross talk here.

Dr. Sher Afgan Khan Niazi: They should go to the Court, pursue the case rather than coming and crying here. Let them go to the courts, if they are not committedly guilty, he has been convicted he will be exonerated if the real facts are put before the higher court in the appeal form, there are two forums left, High Court and the Supreme Court. Why they are making a cry, they are trying to create obstruction in the Administration of criminal justice, this is not allowed on the floor of the House, this is my humble suggestion.

Mr. Acting Chairman: Thank you very much Asfandyar, Buledi sahib! we have to deal with this thing first and I will take anything else later.

سینیٹر اسفند یار ولی، Thank you جناب چیئرمین۔ جناب چیئرمین! عجیب سا لگتا ہے کیونکہ جس زمانے کی ہم بات کر رہے ہیں، وہاں سے جس بندے نے اٹھ کر ابھی جواب دیا ہے، یہ اسی Cabinet میں خود بھی وزیر بنے بیٹھے تھے۔ اب اس وقت بڑی تعریفیں----

Mr. Acting Chairman: Let us stay with the subject, why not

Senator Asfandyar Wali: I am staying to the subject

اگر آپ مجھے بخش دیں۔

جناب قائم مقام چیئرمین، آپ بخشے ہوئے ہیں، بولیں۔

(مداخلت)

جناب قائم مقام چیئرمین، ڈاکٹر صاحب آپ بیٹھ جائیں۔

سینیٹر اسفند یار ولی، جناب یہ بات کرنے کا کوئی طریقہ نہیں ہے۔

(مداخلت)

Mr. Acting Chairman: No, no we can't do that, he is a Minister, he is here. Asfandyar Wali please.

سینیٹر اسفند یار ولی، جناب میں اپنے ساتھیوں سے ایک request آپ کی وساطت سے کروں کہ کبھی کبھار یہ لفظ جو یہ استعمال کرتے ہیں یہ اس چیز کی بھی توہین ہو جاتی ہے۔ ذرا یہ احتیاط کریں اور ان کے جذبات کا خیال میرے اپنے ساتھی کریں۔

جناب چیئرمین! میں basically ایک بات پر آنا چاہوں گا۔ National Accountability Bureau تھی کیا؟ بنی کس لئے؟ اور کیا کر رہی ہے؟ جناب چیئرمین! جو کچھ اس نے کرنا تھا وہ تو اس پہلے دن سے ہی نیشنل اسمبلی میں ثابت ہوگیا جب NAB کے ذریعے ایک مصنوعی اکثریت بنائی گئی، ایک ووٹ، آج اگر آپ مڑ کر ان لوگوں کی گنتی کریں تو اگر آپ وہاں سے نیب زدگانوں کو نکالیں تو majority اس وقت میرظفر اللہ خان جمالی کے پاس نہیں تھی۔

جناب قائم مقام چیئرمین، میرے خیال میں بات ہو رہی ہے یوسف رضا گیلانی کی۔ آپ کدھر سے آرہے ہیں۔ آپ یوسف رضا گیلانی کی بات کریں۔

سینیٹر اسفند یار ولی، جناب چیئرمین صاحب! نیب کی بات تو ہوگی، why are you getting allergic to NAB.

Mr. Acting Chairman: I am not.

سینیٹر اسفند یار ولی، دیکھیں جناب میں نے ایک مرتبہ پہلے بھی floor of the

House پر کہا اور آج پھر کہتا ہوں کہ you belong to my province ہمارے صوبے میں آج بھی یہ کہا جاتا کہ کوئی نیب زادہ اور کوئی نیب زدہ ہے۔ اب کسی کی خوش قسمتی کہ جو نیب زادہ بنا، وہ تو نیب کی ذریعے آ کر وزارت پر بیٹھ گیا اور کوئی بیچارہ یوسف رضا گیلانی جیسا نیب زدہ بنا تو وہ جا کر جیل میں پھنس گیا۔

Mr. Chairman, to be realistic, how many people today are there in government, who were accused by now, but when they decided to change their loyalties, the cases were either withdrawn or if not with drawn, in the majority of the cases they were not withdrawn.

لیکن وہ فائل table کے اندر پڑی رہی تاکہ اگر کہیں بھی گڑبڑ ہو تو وہ فائل نکال کر انہیں بتائیں کہ بابا تمہارا یہ حال ہے۔ What is wrong? Did Yousaf Raza Gillani commit? یہاں ہر ایک وزیر اٹھ کر کہتا ہے ہم نے نوکریاں دینی ہیں، ہر وزیر اعظم اٹھ کر کہتا ہے ہم نے نوکریاں دینی ہیں، جنرل پرویز مشرف صاحب خود اٹھ کر کہتے ہیں ہم نے نوکریاں دینی ہیں۔ ایک بندے کو تو صرف اس لئے سزا دیتے ہو کہ انہوں نے نوکری دی۔ عجیب بات ہے پھر ذرا غور بھی کریں کہ جن لوگوں کو بقول ان کے اس نے illegally نوکری دی تو ہمت ہے تو ان لوگوں کو نکالو کہ تمہیں غیرقانونی طور پر بھرتی کیا گیا، نہیں وہ تو بیٹھے ہیں، وہ تو مزے سے اپنی نوکری کر رہے ہیں۔ وہ بیچارہ

because he refused to change his political loyalty for that he is paying the price and today as a political worker I will salute Yousaf Raza Gillani for not bowing down to pressure, not changing his loyalties, sticking where he is, suffering for his loyalty.

Mr. Acting Chairman: Thank you very much. Who will speak from this side?

مہیم خان یہی subject ہے؟ کہیں الگ تو نہیں ہے اسے ہم نے ختم کرنا ہے۔ اور کوئی یہاں سے

بولے گا؟

ڈاکٹر شیر افگن خان نیازی، جناب والا! میں سیدھی سی بات کروں گا کہ جو انہوں نے کہا ہے کہ نیب زدہ اور ایک بات اور کی ہے کہ نیب زدہ وزیر ہو گیا ہے اور جس نے لوٹا بننا پسند نہیں کیا وہ قید ہو گیا ہے۔ تو جو گاندھی زدہ ہے اس کا کیا بنے گا؟ تین categories ہیں-----

(مداخلت)

جناب قائم مقام چیئرمین، ڈاکٹر صاحب تشریف رکھیں۔

Dr. Sher Afghan Khan Niazi: Sir, I am at a point of personal explanation.

*(interruption)*

Mr. Acting Chairman: Who is your next speaker.

*(interruption)*

Senator Asfandyar Wali: Sir, I am on a point of personal explanation

Mr. Acting Chairman: Yes.

سینیٹر اسفندیار ولی، جناب! میں آج آپ کی وساطت سے اس طرف benches پر بیٹھے ہوئے لوگوں کو ایک بات بتاؤں، آپ بھی پختون ہیں اور یہاں پر بہت سے پختون بیٹھے ہوئے ہیں۔ ادھر بھی بیٹھے ہوئے ہیں اور یہاں بھی بیٹھے ہوئے ہیں۔ ہمارے ہاں ایک روایت ہے۔ (xxx)

Mr. Acting Chairman: No, no, I expunge these remarks. Professor sahib.

---

+[xxx The words have been expunged by the order of the Acting Chairman]

(مداخلت)

Mr. Acting Chairman: Let me talk to him.

(مداخلت)

جناب قائم مقام چیئرمین، بھئی مجھے بات تو کرنے دیں۔

(مداخلت)

جناب قائم مقام چیئرمین، ڈاکٹر صاحب آپ دیکھیں، آپ Federal Minister ہیں، آپ Parliamentary Minister ہیں۔ Raza Muhammad Raza, please sit down. I know, I can handle this. Please sit down. ڈاکٹر صاحب! اس House کا مزاج ذرا تھوڑا دوسرا ہے۔ Please I am trying to explain it to you. Let us not provoke people. Let us listen to them. اگر آپ کے پاس ان کا counter argument ہے، please say that, but don't get into personality. I want to run this House. At this rate, I am afraid this House will not run. You should little bit a..... یہ نہیں کریں گے۔

(مداخلت)

جناب قائم مقام چیئرمین، وہ میں نے expunge کر دیے ہیں۔ ان کی تو بات ہی نہیں سنی گئی، وہ تو expunge ہو گئے ہیں۔

سینیٹر کامل علی آغا، یہ الفاظ اس طرح بیان کرنے، اس طرح کے الفاظ کہنا بھی، وہ ان کی بھی duty ہے کہ اس House کے تقدس کو بحال رکھیں۔ یہ کوئی طریقہ نہیں ہے۔

جناب قائم مقام چیئرمین، بھئی آپ اس House میں یہ جانور لے آتے ہیں تو پھر کیا کیا جائے۔ آپ جانوروں کی باتیں نہ کریں۔ پروفیسر صاحب۔ وصی صاحب آپ نے کیا فرمانا ہے؟

(مداخلت)

Senator Mian Raza Rabbani: Sir, what is he talking?

یہ House اس طرح نہیں چلے گا۔ This House is not going to run.........

**Mr. Acting Chairman:** You are equally guilty. Why do you respond to him.

**Senator Mian Raza Rabbani:** What do you mean? Why do we respond to him?

**Mr. Acting Chairman:** Let him say. Then get up and give a speech. This is no way.

**Senator Mian Raza Rabbani:** He can't talk to members like this.

اگر یہ بات کرے گا تو پھر کچے چٹھے اس کے بھی کھولتے ہیں۔ کون سے ڈاکٹر ہو۔

**Mr. Acting Chairman:** I stop this discussion and get on to another point. I am going to do that but please behave yourself then. Now, Professor sahib, please carry on.

**سینیٹر پروفیسر خورشید احمد:** بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ جناب چیئرمین! میں---

(مداخلت)

**جناب قائم مقام چیئرمین:** پرفیسر صاحب آپ بولیں-----

(مداخلت)

**جناب قائم مقام چیئرمین:** آپ ادھر دیکھیں ہی نہیں۔-----

(مداخلت)

**Mr. Acting Chairman:** The House is adjourned for 15 minutes and we will come back at 19.45 hours.

---

(The House was then adjourned for 15 minutes to meet again at 7.45 P.M.)

(اجلاس وقفہ کے بعد جناب قائم مقام چیئرمین (جناب خلیل الرحمن) کی صدارت میں دوبارہ شروع ہوا۔)

جناب قائم مقام چیئرمین، بلیدی صاحب! آپ پہلے کھڑے ہوئے تھے، آپ بولیں۔

سینیٹر ڈاکٹر محمد اسمٰعیل بلیدی، جناب چیئرمین!

جناب قائم مقام چیئرمین، اس issue پر آپ لوگوں کی طرف سے وہ display جو تھی ناں، کوئی زیادہ اچھی نہیں ہوئی the point has been made whom three speaker had spoken then let us get on to something else now please. Why not?

Senator Mian Raza Rabbani: You just want to push it under rug like that.

Mr. Acting Chairman: There is rug here to start with.

Senator Mian Raza Rabbani: This is very big rug over here.

Mr. Acting Chairman: There is no rug here.

Senator Mian Raza Rabbani: You are just wanting to push it under that rug.

Mr. Acting Chairman: Let me hear Buledi and I will get back to you.

Senator Mian Raza Rabbani: No, I am sorry, this no let....

Mr. Acting Chairman: I will get back to you, Raza! I will get back to you.

Senator Mian Raza Rabbani: No, no sir then we will wait out

side till you get back to us.

جناب قائم مقام چیئرمین، دیکھیں۔

**Senator Mian Raza Rabbani:** No, this is no way.

جناب قائم مقام چیئرمین، اس کو تھوڑا سا چلنے دیں، تھوڑا سا چلنے دیں۔

**Senator Mian Raza Rabbani:** No, sir, I am sorry, no, you have to settle this issue all that happened in this House, is a disgrace to this House.

**Mr. Acting Chairman:** Absolutely, you are telling me, I did not want to say that

**Senator Mian Raza Rabbani:** Sir, sorry.

**Mr. Acting Chairman:** I should have said that but if you say.

**Senator Mian Raza Rabbani:** I have said it for you.

**Mr. Acting Chairman:** I am glad to say that.

**Senator Mian Raza Rabbani:** I have said it for you and the point is that it cannot be brushed aside just like that.

**Mr. Acting Chairman:** No, I am not brushing it aside.

**Senator Mian Raza Rabbani:** Then you first tackle this issue

**Mr. Acting Chairman:** O.K, you said four speakers, three of you have spoken.

**Senator Mian Raza Rabbani:** The question is not of only Yousaf Raza. Yousaf Raza has become a by-product, the manner and the tone in which the honourable Minister has been behaving that cannot be

brushed aside like that by the Opposition.

Mr. Acting Chairman: Honourable Minister will not do so any further, I assure you.

Senator Mian Raza Rabbani: Sir, I am sorry.

Mr. Acting Chairman: He will not do so, let us normalise the issue.

آپ کے دو بول چکے ہیں، پروفیسر صاحب بولیں گے اور ایک اور بولے گا that is set.

سینیٹر ڈاکٹر صفدر علی عباسی: پروفیسر صاحب بولنا چاہتے تھے۔

Mr. Acting Chairman: No more

تو پروفیسر صاحب ہیں ہی نہیں، اب اور کون بولے گا، اچھا وہ نماز پڑھ رہے ہیں تو بلیدی صاحب آپ اپنا point in the meantime کر دیں، ہاں آپ بول دیں۔

سینیٹر ڈاکٹر محمد اسمٰعیل بلیدی، جناب چیئرمین! ایک تو ہمیں افسوس ہے کہ ایوان بالا میں یہ جو بدمزگی ہوئی تو اس میں دونوں طرف سے ہمیں خیال رکھنا چاہیے کیونکہ یہ ایک بہت معزز ایوان ہے تو آئندہ ہم دونوں طرف سے ایک دوسرے کا احترام کریں اور احترام سے House کو چلائیں، یہ بہترین بات ہے۔ یوسف رضا صاحب کے بارے میں جو یہاں point raise ہوا تھا، ہم اس کی شدید مذمت کرتے ہوئے، یہ کہتے ہیں کہ اگر جو بھی member of Parliament ہوتا ہے جو minister ہوتا ہے جو speaker ہوتا ہے اگر اُس وقت قانون کی حدود میں رہ کر انہوں نے ملازمتیں دی بھی ہیں تو کیا ہوا اور جن لوگوں کو ملازمتیں دی ہیں، وہ تو پاکستانی ہیں، انہوں نے کوئی گناہ تو نہیں کیا ہے ملازمتیں اپنے لوگوں کو دے کر، میرے خیال میں اگر وہ count کریں، اس list کو دیکھا جائے تو انہوں نے تمام پاکستان سے وہ ملازمتیں جو Parliament میں یا National Assembly میں انہوں نے دی ہیں تو یہ مختلف صوبوں سے ان کا تعلق ہے۔ صرف ایک ضلع یا ایک گاؤں یا ایک صوبے سے نہیں ہے تو اگر آج بھی یہ حکومت دعویٰ کرتی ہے کہ ملازمتیں دینے کے لئے اتنی پوسٹیں vacant کر رہے ہیں

اور میں اتنے لاکھ لوگوں کو روزگار دیتا ہوں تو اگر انہوں نے تین سو لوگوں کو چار سو لوگوں کو ملازمت دی ہے تو اس کی پانچ کروڑ اور دس لاکھ اس کو یہ سزا سنائی گئی ہے۔ میں سمجھتا ہوں کہ جناب چیئرمین! کل آپ Opposition میں ہو سکتے ہیں، کل یہ آپ کے بارے میں بھی ہو سکتا ہے، پرسوں میرے بارے میں بھی اور اس طرف جو Treasury Bench والے بیٹھے ہوئے ہیں، یہ ہر وقت چند لوگوں کے سوا Treaury Bench پر نہیں رہیں گے کہ جہاں بھی حکومت ہوگی، یہ وہاں جائیں گے۔ لیکن اکثر اس طرح نہیں کریں گے، وہ بھی کبھی Opposition میں بیٹھیں گے تو ان کے ساتھ یہ رویہ ہو گا۔ میں سمجھتا ہوں کہ democratic ملک ہے، جمہوری ملک ہے، اس کی ہمیں سمجھ نہیں آتی ہے۔ میرا خیال یہ ہے کہ شاید ان کو یہ کہا گیا تھا کہ آپ اس پارٹی کو چھوڑیں، اس نے اس demand کو رد کیا، اس کی وجہ سے اس کو یہ سزا مل گئی۔ میں سمجھتا ہو کہ MMA کی طرف سے ہم اس کو condemn کرتے ہیں اور ہمارا مطالبہ ہے کہ اگر اس طرح کے واقعات ہوتے رہے تو اس ملک میں کون آزاد ہے؟ اگر وہ speaker تھا، اس کو former speaker کہا جاتا ہے تو آج ان کے خلاف یہ سزا ہے، انتقامی کارروائی ہے۔ اس لئے کہ اس نے اپنی وفاداریاں تبدیل نہیں کی ہیں۔

جناب چیئرمین! میں سمجھتا ہوں کہ جتنے بھی جمہوری ذہن رکھنے والے لوگ ہیں اور اُس طرف بھی جو ہمارے ساتھ بیٹھے ہوئے ہیں وہ ذہنی طور پر اس بات کو تسلیم کرتے ہیں کہ اُس کے ساتھ زیادتی ہوئی ہے، حکومت نے انتقامی کارروائی کی ہے، کوئی rule نہیں ہے، کوئی قانون اور انصاف کی بات نہیں ہے کہ اُس کو اتنی بڑی سزا دی گئی ہے۔ میں سمجھتا ہوں کہ جو اس ملک کی قومی اسمبلی کا سابقہ سپیکر رہا ہے اُس کے ساتھ اس طرح کا رویہ روا رکھا جائے تو پھر عام لوگوں کا کیا ہو گا۔ ہم اسے بالکل condemn کرتے ہیں اور ہم مطالبہ کرتے ہیں کہ اُن کو اس سزا پر appeal کا موقع دیا جائے اور گورنمنٹ مداخلت نہ کرے۔ یہ جو وزیروں کی فوج بھرتی ہوئی ہے، وزیر یہاں بیٹھے ہوئے ہیں ان میں ایسے لوگ نہیں ہیں جو ہمارے بھائی نے کہا کہ کچھ "نیب زادے" ہیں اور کچھ "نیب زدہ" ہیں۔

جناب قائم مقام چیئرمین، دیکھیں آپ پھر اُس طرف آ رہے ہیں، آپ اس طرف

نہ ہی آئیں تو بہتر ہے۔ یہ "ضبط" اور "زدہ" کو چھوڑیں۔

**سینیٹر ڈاکٹر محمد اسمٰعیل بلیدی**، میں یہ کہتا ہوں کہ خدارا اس ملک پر رحم کیا جائے۔ جو لوگ صحیح کام کرتے ہیں، آپ انہیں شاباش دیں کہ انہوں نے تین سو لوگوں کو کھپایا، بیروزگاری سے بچایا۔ لہذا ہم اسے condemn کرتے ہیں اور سمجھتے ہیں کہ یہ تمام جو سزائیں ہیں انہیں ختم کیا جائے۔

**جناب قائم مقام چیئرمین**، شکریہ بلیدی صاحب thank you very much. Any body would like to speak? مہیم خان یہی subject ہے؟ جی فرمائیں۔

**سینیٹر مہیم خان بلوچ**، جناب چیئرمین! پہلے تو آپ نے کہا کہ آپ بولیں لیکن میں نے کہا نہیں بولوں گا، اب ظاہری بات ہے مجھے بولنا پڑ رہا ہے۔

**جناب قائم مقام چیئرمین**، بولیں نہیں، آپ کہیں۔

**سینیٹر مہیم خان بلوچ**، یہاں جو مکالمہ بازی ہوئی، میں دونوں طرف سے کہوں گا یہ صحیح نہیں ہوا۔ یہ ایوان بالا ہے، یہاں فیڈریشن کی چاروں اکائیاں including فاٹا کی بھی نمائندگی موجود ہے، بہت سے صحافی بھی موجود ہیں، آس پاس دوسرے لوگ بھی موجود ہیں۔ یقینی طور پر مختلف مسائل پر ہر ایک کی اپنی رائے ہوتی ہے، موقف ہوتا ہے، اس کو حق ہے، وہ political انداز میں کوئی بھی بات کر سکتا ہے۔ عدالت کو وہ جو بھی کہنا چاہے کہہ سکتا ہے، اس کا موقف ہے لیکن اپنے موقف کو بیان کرنے کے لئے ہر ایک کوشش کرے کہ وہ دلائل دے۔ آج میں نے یہ محسوس کیا کہ بہت سے بزرگ پارلیمنٹرین، lawyers ،political leaders اور یہ دونوں طرف سے اس ایوان میں بیٹھے ہوئے ہیں لیکن آج ہم نے جو اس ایوان کے پارلیمانی آداب ہوتے ہیں، اس کے روایتی آداب ہوتے ہیں، اس کے سیاسی آداب ہوتے ہیں، ہم نے اسے آج ہتک پہنچائی، نقصان پہنچایا۔ بلوچی میں کہتے ہیں کہ اگر آپ مٹی کو ایسے خراشیں تو اس میں سے عجیب عجیب سے نکلتے ہیں۔ ہم اپنے ماضی کو دہرائیں، تمام سیاسی دوست اور پارٹیاں جانتی ہیں کہ جو عدالت کی آزادی ہوتی ہے، ہر پارٹی نے اپنے دور میں اس کی آزادی کو سلب کیا ہے۔ یہ ملازمتوں کے بارے میں کہا جا رہا ہے کہ 1992ء میں سپریم کورٹ کا فیصلہ پامال ہوا ہے۔ یہاں تو

ماضی میں ایسا بھی ہوا ہے کہ کوئی کورٹ، کچھ نہیں۔ political level پر سیاسی لوگوں کو سالہا سال تک جیلوں میں ڈالا۔ انہوں نے تو advertise بھی کیا، سب کچھ کیا۔ اب recently بات ہے، ہم کیوں چھپائیں ہمارے ظفر اللہ جمالی کے زمانے میں بلوچستان میں 21 انسپکٹر، کوئی اشتہار نہیں، کوئی امتحان نہیں، کمرے میں بند، وہ صرف بلوچستان میں بھرتی کیے، 9 سندھ میں کیے۔ وہاں سپریم کورٹ کا فیصلہ کہاں تھا۔ اب بات یہ ہے کہ کورٹ نے فیصلہ دیا ہے، کورٹ کے فیصلے پر تو ہم politically کچھ کہہ سکتے ہیں لیکن ہمیں اس کا احترام بھی کرنا چاہیے۔ عدالت ہے، ہمارے دوست اس کورٹ کے فیصلے کو آگے لیجائیں، اپنے political موقف کو آگے لیجائیں، عدالتی حوالے سے لیجائیں، دوسرے حوالے سے لیجائیں لیکن یہ نہیں ہے کہ ہم یہاں ایک دوسرے پر کیچڑ اچھالیں، مکالمہ بازی کریں جس سے کہ ہمارے ایوان جو تقدس اور روایت پامال ہو۔ اس طرح نہیں ہونا چاہیے۔ اگر ہم کہیں گے تو ظاہری بات ہے کہ پھر ہم ماضی کو دُہرائیں گے، ماضی میں تو ایسے ایسے کام ہوئے ہیں جو کہ اس سے بھی بدتر ہوئے ہیں، جس کا کہ کوئی ازالہ بھی نہیں ہے۔ انہی الفاظ کے ساتھ میں اپنی بات ختم کرتا ہوں۔ شکریہ۔

Mr . Acting Chairman: Thank you very much . Professor Khurshid sahib.

جناب قائم مقام چیئرمین: پروفیسر صاحب، پروفیسر خورشید صاحب۔ اب دو پروفیسر ہیں۔

سینیٹر پروفیسر خورشید احمد: انہیں بھی موقع دے، دیا جائے گا۔ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ شکریہ جناب چیئرمین! سب سے پہلے تو میں اپنے دلی تاسف کا اظہار کرتا ہوں اس بات پر کہ میری 14 سالہ سینیٹ کی تاریخ میں جو منظر ہم نے آج دیکھا ہے، یہ کبھی نہیں ہوا۔ یہ ہم سب کے لیے تشویشناک بھی ہے اور شرمناک بھی ہے اور میں اپنے سمیت، سب ساتھیوں کو، اپنی عمر کا فائدہ اٹھاتے ہوئے، دردمندی کے ساتھ یہ اپیل کرنا چاہتا ہوں کہ ہمیں اس ایوان کے تقدس کی ہر قیمت پر حفاظت کرنی چاہیے، اپنی زبان کو قابوں میں رکھنا چاہیے۔ میں یہ نہیں کہتا کہ اِس طرف کے ساتھیوں نے الفاظ کے انتخاب میں پوری احتیاط برتی لیکن مجھے یہ کہنے کی بھی

اجازت دیجیے کہ ان کو provoke کیا گیا اور بار بار کیا گیا اور ایسے الفاظ استعمال کیے گئے جو اس سے پہلے ہمارے کانوں نے اس ایوان میں کبھی نہیں سنے۔ میں سمجھتا ہوں کہ اس ایوان کو دنگل نہ بنایا جائے اور اس سلسلے میں حکومت کی پارٹی اور اس کے ذمہ دار افراد پر زیادہ ذمہ داری آتی ہے اور میں یقین دلاتا ہوں کہ Opposition انشاء اللہ' جو آداب ہیں ان کا پورا پورا لحاظ رکھے گی لیکن یہ ضروری ہے کہ دوسری طرف سے بھی ہمارے ساتھی اس مسئلے پر غور کریں اور مجھے توقع نہیں تھی جناب چیئرمین! مجھے اجازت دیجیے شکایت کی کہ اس ناخوشگوار واقعہ کے بعد آپ کا بھی فرض تھا کہ آپ ایوان کی دونوں sides سے افراد کو بلاتے اور بلا کر ایک gentleman agreement کرواتے۔ ہمارا agreement تو ہمیشہ سے ہے لیکن اس کو reiterate کرنے کی کوشش کرتے۔ لیکن اس بات کو نہیں کیا گیا جس کا مجھے افسوس ہے۔

جناب قائم مقام چیئرمین، اس کا جواب یہ ہے پروفیسر صاحب کہ tempers اتنے high تھے، میں نے سوچا کہ معاملہ ذرا ٹھنڈا ہو جائے تو پھر میں ان سے بات کر لوں گا۔

سینیٹر پروفیسر خورشید احمد: ہاں لیکن مسئلہ ٹھنڈا ہونے کا نہیں، مسئلہ یہ ہے کہ ہمیں آئندہ اس ایوان کو ٹھیک طریقے سے چلانا ہے اور اگر اس طرح کی provocations ہوئیں تو پھر یہ ایوان نہیں چل سکے گا جو ہم سب کے لیے نقصان دہ ہے۔

اس کے بعد جناب والا! میں اصل مسئلے کی طرف آنا چاہتا ہوں اور یہاں بھی میں پوری دیانتداری سے یہ بات کہنا چاہتا ہوں کہ جس برسر اقتدار شخص نے بھی، خواہ وہ صدر ہو، وزیر اعظم ہو، سپیکر ہو، چیئرمین ہو، وزیر ہو، وزیر مملکت ہو، اسمبلی یا سینیٹ کا ممبر ہو یا جو بھی اس کی حیثیت ہو، قانون اور قاعدے سے انحراف کرتے ہوئے اپنے اختیارات کا غلط استعمال کیا ہے، جو اس کا استحقاق تھا اس سے زیادہ حاصل کرنے کی کوشش کی ہے، وہ غلط ہے اور اس پر احتساب ضرور ہونا چاہیے لیکن جناب والا! یہ بھی قانون ہی کا ایک اصول ہے کہ احتساب اور گرفت کا ایک ضابطہ اور ایک قانون ہوتا ہے۔ یہ نہیں ہے کہ جس کو جس طرح چاہیں آپ احتساب کریں۔ جنگل کا قانون نہیں ہے اور میں سمجھتا ہوں کہ میرے بھائی رضا ربانی نے جو issue اٹھایا ہے وہ محض ایک فرد سے متعلق نہیں ہے، ایک بڑا بنیادی مسئلہ ہے اور وہ یہ ہے کہ پارلیمنٹ کی

sovereignty کے معنی یہ ہیں کہ پارلیمنٹ کا financial control پارلیمنٹ کے پاس ہونا چاہیے اور یہی وجہ ہے کہ یہ کسی قانون کے تحت نہیں یا سرکاری ضابطوں کے تحت نہیں بلکہ دستور میں یہ بات lay کی گئی ہے کہ صرف قومی اسمبلی اور سینیٹ کی اپنی اپنی جو Finance Committees ہیں وہ اپنے معاملات کو check کرنے کے لیے با اختیار ہیں۔ بلاشبہ مجھے اس سے اتفاق ہے اور اس سے پہلے بھی میں نے یہ بات کہی ہے کہ ان کو بھی oversight ہونا چاہیے لیکن وہ NAB, oversight یا اس type کے ادارے نہیں۔ حتیٰ کہ Public Accounts Committee سے بھی نہیں، اس لیے کہ Public Accounts Committee Senate کے معاملات میں اگر Finance Committee کے فیصلوں کو challenge کرتی ہے تو یہ سینیٹ کی sovereignty اور دستور کے خلاف ہوگا تو یہ بنیادی مسئلہ ہے اس لیے اس کو روا روی میں نہ لیں بلکہ حکومت اور Opposition مل کر بیٹھے اور یہ دیکھے کہ جہاں accountability oversight ضروری ہے وہیں کریں۔ ان دونوں ایوانوں کی sovereignty اور اختیار پر اس طریقے سے شب خون نہ مارا جائے۔

دوسرا issue جناب والا! یہ ہے کہ پہلے دن سے ہی اور خاص طور سے 2002ء کے انتخابات سے قبل اور اس کے بعد سے NAB کا کردار متنازع، مشتبہ اور انصاف کے مسلّمہ اصولوں سے ہٹ گیا ہے۔ اسے political مقاصد کے لیے استعمال کیا گیا ہے اور کیا جا رہا ہے اور یہ ہم نہیں کہہ رہے ہیں بلکہ یہ بات ملک کے اخبارات میں، بین الاقوامی forums پر آ رہی ہے تو اس پہلو سے NAB کا سیاسی مقاصد کے لیے استعمال کیا جانا خواہ وہ کسی کے حق میں ہو یا خلاف ہو۔ اسی سینیٹ میں، آپ کو یاد ہوگا کہ ایک سوال کے جواب میں حکومت نے یہ بتایا ہے کہ NAB سے سزا یافتہ فلاں فلاں اور فلاں افراد حکومت میں ہیں۔ یہ سوال کے جواب میں سینیٹ میں موجود ہے۔ میں یہ بات کہنا چاہتا ہوں کہ accountability کا جو نظام ہو اسے پارٹی سے بالا ہونا چاہیے across the board ہونا چاہیے۔ اسے judicious ہونا چاہیے اور اس میں کسی کے خلاف تخصیص نہیں ہونی چاہیے۔ یہ دوسری بنیاد ہے۔

جناب والا! تیسری بات یہ ہے کہ قانون اور انصاف کا یہ بھی ایک اصول ہے کہ جرم اور سزا کے درمیان کوئی تعلق اور نسبت ہونی چاہیے، proportionality ہونی چاہیے۔ یہ انصاف

کا بنیادی اصول ہے اور اگر کسی جرم یا غلطی کی سزا بھی دی جا رہی ہے لیکن وہ سزا اس سے زیادہ ہے جتنا کہ اس کا جرم تھا تو یہ بھی ایک ظلم ہے۔ میں یہ بات صاف کہنا چاہتا ہوں کہ اس وقت یوسف رضا گیلانی صاحب کے ساتھ جو کچھ ہوا ہے' ان تمام اصولی وضاحتوں کے ساتھ' صاف نظر آتا ہے کہ اس میں ظلم ہے' سیاسی discrimination ہے اور political victimization ہے۔ یہ چیز قابل مذمت ہے اور یہ آپ کو سمجھنا چاہیے کہ آج اگر یوسف رضا گیلانی ہیں تو کل کوئی اور بھی ہوسکتا ہے۔ دوسرے وزراء اور صدر ہیں۔ آپ Public Accounts Committee کی reports دیکھ لیجئے' ان میں کس کس کی بدعنوانیوں' اختیارات کے غلط استعمال اور اختیارات سے تجاوز کے بارے میں record موجود نہیں ہے۔ کیا سب کو سزائیں اس طریقے سے دی گئی ہیں؟ اگر آپ discriminate کرتے ہیں تو آپ زیادتی کر رہے ہیں' ناانصافی کر رہے ہیں اور ظلم کر رہے ہیں - یہی وہ چیز ہے جس کی ہم مخالفت کرتے ہیں۔ اس معاملے میں MMA پوری طرح ARD کے ساتھیوں کے ساتھ ہے اور ہم سمجھتے ہیں کہ یوسف رضا گیلانی صاحب کے ساتھ صریحاً ظلم ہوا ہے - اس سزا کی کوئی justification نہیں ہے اور اس جرمانے کی کوئی justification نہیں ہے جو ان کو کیا گیا ہے۔ ہاں! جن افراد نے جہاں جہاں کوئی زیادتی کی ہے' اس کا کوئی transparent, قانونی' دستوری نظام ہونا چاہیے جو حقیقی انصاف کرے۔ یہ سب کا ہونا چاہیے اور میرا بھی ہونا چاہیے لیکن اگر یہ نہیں ہے تو یہ صریحاً ظلم ہے اور ہم اس کی مذمت کرتے ہیں۔

**جناب قائم مقام چیئرمین** : شکریہ جناب ۔یہاں سے کوئی respond کرے گا۔ وصی صاحب۔

**جناب محمد وصی ظفر (وزیربرائے قانون)**: جناب چیئرمین! اس وقت سے اس مسئلہ پر debate جاری ہے اور سب سے پہلے میں اس ایوان میں جو واقعہ پیش آیا ہے' اس پر زیادہ تفصیل سے تو بات نہیں کروں گا لیکن record شاہد ہے کہ کس کس طرف سے کس کس قسم کی پہل ہوئی' بہرحال جو ہوا' یہ نہیں ہونا چاہیے تھا۔

جناب والا! جہاں تک گیلانی صاحب کے مسئلہ کا تعلق ہے اس کے متعلق میں سب

سے پہلے یہ عرض کرتا چلوں کہ شاید کچھ یادداشت کمزور ہو گئی ہے۔ اس میں یہ دیکھا جانا چاہیے کہ یہ reference کس نے بنایا تھا؟ جنہوں نے وہ reference بنایا ہے' آج وہی اس کے خلاف اور یوسف رضا گیلانی کے حق میں بول رہے ہیں۔ یہ reference اس گورنمنٹ نے نہیں بنایا تھا۔

(ڈیسک بجائے گئے)

دوسری بات یہ ہے کہ ایسی کوئی بات نہیں ہے کہ اس reference میں اس گورنمنٹ نے کوئی ردوبدل کر دیا ہے۔

(مداخلت)

**جناب محمد وصی ظفر**: نہیں' آپ record دیکھ لیں۔ میں record دیکھ کر بات کر رہا ہوں۔

**Mr. Acting Chairman**: No cross talk please. You can get up and ask the question.

**جناب محمد وصی ظفر**: معزز رکن بغیر record کے ٹوک رہے ہیں۔یہ بات on the floor of the House ہے۔ آپ کل record لے کر آ جائیں۔ آپ کو نظر آ جائے گا۔ اس گورنمنٹ نے بہت کم references بنائے ہیں۔ زیادہ references پچھلی حکومتوں کے ہیں۔ یہ دو political parties کے درمیان لڑائیوں کی وجہ سے بنے ہیں۔ انہوں نے اپنے اپنے بدلے لینے کے لئے بنائے ہیں۔ اس کے بارے میں تمام قوم کو پتا ہے اور جو ایک دوسرے کی misdeeds تھیں' انہوں نے اس کو highlight کیا اور انہیں وہ trials کی شکل میں لے آئے اور اس طریقے سے یہ references بنے۔

جناب والا! جہاں تک ایوان میں ہونے والے واقعہ کا تعلق ہے تو اس میں کچھ باتیں ٹھیک تھیں اور صحت مند بحث تھی لیکن جس طریقے سے یہاں عدلیہ کے بارے میں remarks دیے گئے' یہ ایوان بالا کا کسی بھی طور ایسا کردار نہیں ہے اور نہ ہی ایسی روایات ہیں۔ اگر آپ پڑھیں تو یہ بڑی clear violation ہے کیونکہ جو چیز آئین میں واضح طور پر منع کر دی گئی ہو' یہ تو Point of order پر اتنی بحث ہو گئی' مجھے پتا نہیں ہے کہ یہ کس طریقے سے ہوئی ہے۔ جناب

والا! یہ معاملہ تو disqualification کی طرف بھی جاتا ہے۔ جب بات سچی ہوتی ہے تو کڑوی لگتی ہے۔ اس کا سخت جواب دینا .that is not fair آپ Article 63-1(g) ملاحظہ فرمالیں کہ اگر اس طریقے سے judiciary کے بارے میں بات کی جائے تو اس پر reference بھی بن سکتا ہے۔ It means کہ اس قسم کی discussion پر بڑا شدید bar ہے۔ یوسف رضا گیلانی صاحب کے کیس میں ابھی appeal کا time ہے۔ ان کے پاس forum بھی موجود ہے۔ یہ کہنا کہ یہ manoeuvre ہو گیا ہے، یہ سب خیالی اورتخیلاتی باتیں ہیں۔ کیا کسی نے record دیکھا ہے؟ کیا کسی نے evidence دیکھی ہے؟ کیا کسی نے اس judgement کو پڑھا ہے؟ اخباروں میں پڑھ کر سب کچھ کہا جا رہا ہے۔ ادھر ایک صاحب بھی ایسے بیٹھے ہوئے نہیں ہیں جو یہ کہہ سکیں کہ میں judgement پڑھ کر بات کر رہا ہوں۔ ہاں! اگر یہ judgement پر کوئی fair criticism کرتے تو میں سمجھتا ہوں کہ یہ legal ہے، اس کا کوئی قانونی جواز موجود ہے۔ Judgement کے کسی part پر کوئی commentrator بھی fair comments دے سکتا ہے۔ اس پر مفاد عامہ کے بارے میں کوئی رائے ہو تو وہ دی جا سکتی ہے۔لیکن یہاں پر جو طریقہ کار اختیار کیا گیا وہ بھی مجھے بتا دیا جائے ۔ اس وقت سے میں سن رہا ہوں کہ یہ ایوان بالا ہے اس کی یہ روایات ہیں ، اس کا یہ تقدس ہے تو پھر یہ روایات کیوں نہیں ہیں ۔ جناب! پھر قانون کو اس طریقے سے کیوں پامال کیا جاتا ہے پھر آئین سے آنکھیں بند کرکےکیوں بحث کی جاتی ہے اور پھر یہ یادداشت کیسے کمزور ہو گئی کہ point وہ اٹھا رہے ہیں، بحث وہ کر رہے ہیں جنھوں نے خود وہ reference بنایا اور انہیں گرفتار کیا اور ان کو پکڑا۔ کیا آج politically وہ آپس میں مل گئے ہیں، xxxx

**Mr . Acting Chairman:** Thank you very much . All unparliamentary words , statements uttered on the floor of this House are to be expunged. Any other with Point of Order. Nighat Agah.

---

[+xxx The words are expunged by order of the Chair.]

سینیٹر ڈاکٹر نگہت آغا ، جی Thank you very much for giving me the floor. بات یہ ہے کہ ہم عوام کی فلاح و بہبود کے بہت سے questions and motions لاتے ہیں ۔ میرے Motions ایک سال سے آ رہے ہیں پھر کہتے ہیں کہ taken as read اور بعض کا جواب صحیح ہوتا ہے اور بعض کا غلط۔ request یہ ہے کہ جب تک پچھلا backlodge cover نہ ہوجائے بڑے important questions ہیں جو public welfare کے ہیں ۔ آپ مہربانی سے daily session کریں تاکہ backlodge کم از کم clear ہو ۔ ایک سال سے questions نہیں آ رہے ہیں اور یہ بڑے important ہیں تاکہ country improve کرے ۔

sir that is the request.

## MOTION RE: FURTHER DISCUSSION ON THE EXISTING PUBLIC TRANSPORT SYSTEM IN THE COUNTRY.

Mr. Acting Chairman: Thank you very much. That the Senate staff has taken note of you. Anybody else. Any more point of orders, if there is not then I will go back to business of the House. Item No.2 relates to motion moved by Mr. Raza Muhammad Raza on 12th of July,2004 regarding further discussion on the existing public transport system in the country. Now this discussion is in progress Mr. Raza Muhammad Raza has spoken ,Professor Ghafoor Sahib has spoken, Sardar Muhmmad Latif Khan Khocsa has spoken. Anybody else would like to speak on this on the transportaion system.

Dr. Sher Afghan Khan Niazi: Sir, my humble submission about this does not relate to the Federal Government.

Mr. Acting Chairman: What does not relate?

Dr. Sher Afghan Khan Niazi: This is a public transport

system in the country this is a Provincial subject and the transport is related to the Provinces it is not related to the Federal Government? We have got no Ministry to control the transport, nothing to do with, there is no relation of the Federal Government with anything which is of the Provinces it is to enter into the territory of the Provincial autonomy. This motion which has been brought under Rule 194 does not fall within the purview of this Rule 194.

**Mr. Acting Chairman:** There is a Federal Transport here anyhow.

**Dr. Sher Afghan Khan Niazi:** There is no Federal Transport in the country.

**Mr. Acting Chairman:** Yes there is. You have VARAN and all that sort of.........

**Dr. Sher Afghan Khan Niazi:** VARAN is not a Federal Government Transport.

**Mr. Acting Chairman:** It is oprating here. The VARAN Transport which is operating here.

**Dr. Sher Afghan Khan Niazi:** That has been granted by the Provincial Authority and High Court has decided that it is not the Federal Government subject.

**Mr. Acting Chairman:** Thank you very much. This motion is in all Pakistan context and it can be discussed here. There is nobody else who will speak on this. Now we go to item No.3 stand in the name of Mr.

Muhammad Akram please move the motion.

آپ بولیں گی ٹرانسپورٹ پر ۔فرمائیں ۔

سینیٹر تنویر خالد : Thank you very much. میں کہنا چاہ رہی تھی کہ بڑے شہروں میں اورخاص طور پر میں کراچی کی بات کروں گی کہ جو بسوں والی public transport ہے وہ آئے دن اخباروں اور ٹی وی کے اوپر یہ خبریں سنائی جاتی ہیں کہ بس کھڈے میں گرگئی ۔ اور اتنے آدمی مارے گئے ، اتنے زخمی ہوئے یہ آئے دن کا ہے۔ معصوم بچے عورتیں اور مرد معصوم مسافر زخمی ہو جاتے ہیں ، بسیں آپس میں ٹکرا جاتی ہیں ، بسیں گر جاتی ہیں آمنے سامنے ایکسیڈنٹ ہو جاتے ہیں ۔ آخر یہ Road Transport کو control کرنے والی Authority کیا ہے ان کو check کرتی ہے کہ نہیں کرتی ۔؟ ڈرائیور کی selection کون کرتا ہے ، کونسی Authority ان سے کون سا Test لیتی ہے۔ کیا ان کو تنبیہ کی جاتی ہے speed limit اس ملک میں observe کی جاتی ہے یا نہیں کی جاتی ؛ نہیں کی جاتی ہے تو کیوں نہیں کی جاتی ہے ۔ اورکیا یہ لوگ روڈ پر پکڑے جاتے ہیں ان کو کوئی سزا دی جاتی ہے اور پھر جیسا کہ اکثر کہتے رہتے ہیں کہ پولیس ان کے ساتھ ملی ہوئی ہے ، ان کا آپس میں مک مکا ہو جاتا ہے۔ جو بھی ہوتا ہے .بہرحال ہمارے ملک کے عوام جان سے ہاتھ دھو بیٹھتے ہیں اگر جان سے نہیں جاتے ہیں تو لنگڑے لولے ہو کر معذوروں کی شکل میں نکل آتے ہیں یہ عوام کے ساتھ بڑی زیادتی ہے ۔اور میں اس کے لئے بڑا protest اور appeal کروں گی یہ جو Bus Transport system ہے اس کو ان سب چیزوں کو کنٹرول کرنا چاہیے ۔ وہ ان چیزوں کی دیکھ بھال کرے ، ڈرائیور صحیح لگائے speed limit رکھے اور یہ دیکھیں کہ وہ مسافر overloading نہ کریں حد سے زیادہ overloading کرتے ہیں تو عوام کو بھی چاہیے کہ وہ بھی overloading کا اصرار نہ کریں ۔ اور آخر کار بسوں کی تعداد public transport کی تعداد بڑھائی جائے ۔اور خاص طور پر بڑے بڑے شہروں میں جہاں آبادی زیادہ ہے ، غریبوں کی آبادی ہے وہ بسوں میں سفر کرتے ہیں ان کو سہولت ملنی چاہیے ۔

Mr. Acting Chairman: Thank you very much. Nisar Memon

Sahib.

سینیٹر نثار احمد میمن ۔ بہت بہت شکریہ، جناب چیئرمین ! میرے خیال میں جو میرے ساتھیوں نے یہاں پر پبلک ٹرانسپورٹ کے بارے میں کہا ہے میں اس کی تائید کرتا ہوں۔اس کے علاوہ میں یہ چاہوں گا کہ آپ حکومت کو ہدایت کریں کہ اس ہاؤس میں inter provincial public transport کی جو movement ہے اس کے بارے میں واضح پالیسی present کرے۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ ٹرانسپورٹ کا نظام تیزی سے بڑھتا جا رہا ہے۔ پرائیویٹ سیکٹر اس کو آگے لے کر جا رہا ہے۔ اس کے لئے ایک پلان ہونا چاہیے کہ roads کا network بھی اسی طرح ہونا چاہیے۔ پھر اس میں اگر speeding وغیرہ ہو رہی ہے اور احتیاط نہیں برتی جا رہی تو یہ پاکستانی عوام، غریب عوام جو بسوں میں سفر کرتے ہیں تو ان کو تکلیف ہو رہی ہیں۔ within the city کا ذکر ہوا inter provincial movement کو بھی دیکھا جائے اور میرے خیال میں یہاں پر واضح طور پر بتاؤں کہ پاکستان کے Northern Areas میں NATCO ایک کمپنی ہے جو کہ Northern Areas کی حکومت نے بنائی ہے، جو inter provincial movement کو دیکھتی ہے۔ میرے خیال میں اگر پاکستان کو کہیں اچھا model دیکھنا ہے تو وہ NATCO کی movement کو دیکھیں۔ وہاں پر اچھا نظام انہوں نے رکھا ہے۔ اس کو بھی مزید بہتر بنائیں تا کہ inter provincial movement بہتر ہو سکے۔

اس کے علاوہ جناب چیئرمین ! جو ہماری سینیٹر صاحبہ نے کہا میں اس کی تائید کرتا ہوں کہ آپ نے یقیناً بہت اچھا کیا۔ انہوں نے جب کہا کہ اتنے سوالات کا backlog ہے resolutions کی backlog ہے house کا کام کافی حد تک یہاں پر موجود ہے مگر وقت کی کمی کی وجہ سے ایک ایک سال ہو گیا ہے۔ میں یہ سمجھتا ہوں کہ اسی سے دوسرے ممبران مزید سوالات دینے سے discourage ہوتے ہیں کیونکہ اگر پچھلے سوالات ہی نہیں آئے تو آگے ہم کیا بڑھیں گے۔ میرا یہ خیال ہے کہ اس کو صرف آپ نوٹ نہ کریں بلکہ administratively as a chairman آپ اس کی ایک واضح پالیسی بیان کریں۔ ممکن ہے اس میں نہ صرف یہ کہ دن

بڑھائیں جائیں۔ اگر صرف اس ہاؤس کو ایک mandatory days رکھنا ہے تو میرا خیال ہے کہ یہ عوام کے تقدس کا احترام نہیں ہے۔ ہم elect ہوکر آئیں ہیں۔ ہم جوابدہ ہیں لہذا آپ یہاں پر may be House کے Private Members Day اگر حکومت کا business نہیں ہے یا کم ہے تو آپ Private Member Day کو بڑھانے کے لئے کوئی ترمیم لائیں ہم تیار ہیں۔ میرا یہ خیال ہے کہ اس کو آپ نہ صرف نوٹ کریں بلکہ حکومت سے بات کرنے کے بعد ہمارے وزراء یہاں پر موجود ہیں ان سے بات کریں اور کوئی مثبت نتائج نکالیں باقی اس طرح سے تو بحث مباحثہ ہوتا رہے گا اور عوام ماحول خراب دیکھتے رہیں گے۔

جناب قائم مقام چیئرمین: شکریہ، جی چٹھہ صاحب۔

سینیٹر نعیم حسین چٹھہ: شکریہ جناب چیئرمین۔ جناب والا! یہ پبلک ٹرانسپورٹ کے سلسلے میں ایک بڑی اہم resolution ہے۔ میں یہ سمجھتا ہوں کہ پبلک پرانسپورٹ کا اچھا ہونا یا اس کا بہتر طریقے سے چلنا یقینا یہ ملک کی ترقی اور ملک کی خوشحالی کے لئے بڑا اہم رول ادا کرتا ہے لیکن ہماری سڑکیں اور ہماری جو ٹریفک ہے وہ بہت بے ہنگم ہوتی جا رہی ہے۔

(اس مرحلے پر اپوزیشن ایوان میں واپس آئی)

سینیٹر نعیم حسین چٹھہ: کسی اصول اور کسی قانون کی پرواہ نہیں کرتے۔ میں سمجھتا ہوں کہ یہ جو ہمارے شہروں کے اندر ٹریفک ہے مثلاً لاہور کی ہے اور اگر تھوڑی بہت بہتر ہے تو وہ اسلام آباد کی ہے۔ باقی تمام شہروں میں کوئی اس کا قانون اور اصول نہیں ہے۔ میں سمجھتا ہوں کہ اس کو بے ہنگم اور گندہ کرنے کے لئے سب سے اہم ہماری ٹریفک پولیس رول ادا کرتی ہے۔ جہاں کہیں بھی ہوتی ہے، میرے خیال میں کسی کو اتھارٹی بھی نہیں ہوتی وہ جم گھٹا لگا کر صرف اپنی رشوت اکٹھا کرنے کے لئے لوگوں کو بیزار کرنے کے لئے بہت سارا وقت ضائع کرتے ہیں اور بلاوجہ اپنا پیسہ اکٹھا کرنے کے لئے وہ سب کچھ کرتے ہیں۔ میرا خیال ہے کہ ایک تو واضح طور پر یہ لکھوانا چاہیے کہ یہ کون بندہ ان میں سے کس rank کا افسر چالان کر سکتا ہے اور کیوں کر سکتا ہے۔ خاص طور پر میں سمجھتا ہوں کہ جو پبلک ٹرانسپورٹ ہے اس میں ویگنیں اور بسیں وغیرہ ہوتی ہیں ان کو تو ہر ناکے پر انہیں کچھ نہ کچھ ادائیگی کرنی پڑتی ہے۔

پبلک کے لئے بڑی ہی inconvenience ہے اور یہ قابل افسوس بات ہے کہ وہ ان کی عزت نہیں کرتے اور ان کو کوئی سہولت نہیں دی جاتی ۔ شہروں میں پبلک ٹرانسپورٹ بہت کم ہے اور کاریں بہت زیادہ آ رہی ہیں ۔ میرا خیال ہے کاروں کی زیادتی کی وجہ سے اب سڑکیں چھوٹی ہو رہی ہیں۔ میں سمجھتا ہوں کہ جیسا کہ یورپ میں ہوتا ہے کہ ایک کار میں ایک سفر کرنے والے کو منع کیا جاتا ہے تاکہ congestion پیدا نہ کرے ۔ ایک کار میں ایک بندہ بیٹھے تو سڑکیں تنگ ہیں ۔ لاہور میں میرا خیال ہے کہ ایک series جو ہوتی ہے دس ہزار کاروں کی ' وہ ایک مہینے میں دو series ختم ہو جاتی ہیں۔ اور ساری لاہور کے اندر ہی جذب ہو رہی ہیں ۔ اسی طرح کراچی اور دوسرے شہروں میں ۔ تو اس لحاظ سے یہ سڑکیں ' یہ congestion ان کا دھواں خاص کر رکشوں کا ' ان کی وجہ سے ایک pollution پیدا ہو رہی ہے جو انسانی زندگی پر اثر انداز ہو رہی ہے۔ میں سمجھتا ہوں کہ Transport Ministry کو اس کا اندازہ کرنا چاہیے کہ بہت زیادہ حادثات دن رات زیادہ ہوتے ہیں ۔ جتنے بندے آج کل حادثات میں مر رہے ہیں اتنے ہسپتالوں میں نہیں مرتے ۔ پھر یہ ہے کہ وہ کسی قاعدے قانون کے پابند بھی نہیں لہذا میں تجویز کرتا ہوں کہ اگر کسی کمپنی کا ڈرائیور بندے مارتا ہے تو دو ' دو یا تین لاکھ روپے موت کی صورت میں اور زخمی کے لئے پچاس پچاس ہزار روپے حکومت ادا کرتی ہے ' اس میں اس کمپنی کے مالکان کو بھی پابند بنایا جائے کیونکہ جس کا ڈرائیور بے احتیاطی سے کام لیتا ہے جو اپنی لاپرواہی سے بندوں کا نقصان کرتا ہے اس کی نہ کمپنی اور نہ وہ ڈرائیور ذمہ داری لیتا ہے ۔ ٹھیک ہے کہ وزیر جا کر اس کی عیادت اور فاتحہ خوانی کر کے آ جاتے ہیں اور حکومت کی طرف سے پیسے دے آتے ہیں لیکن جو حادثہ یا بدنظمی کرتا ہے اس کو تو کوئی سزا نہیں ہوتی ؛ نہ ہی اس کا لائسنس منسوخ ہوتا ہے نہ اور کوئی قدغن ہوتی ہے ۔ میں سمجھتا ہوں اس طرح اس کی روک تھام اور اصلاح نہیں ہوتی ۔ اس لحاظ سے کسی طرح اس کمپنی کے مالکان کو پابند بنایا جائے کہ وہ بھی مرنے یا زخمی ہونے والوں کی سزا بھگتیں۔ اس طرح سے وہ اچھے اور تربیت والے ڈرائیور رکھیں گے ۔ یہ جو انہوں نے زیادہ سواریوں پر کمیشن کا سسٹم بنا رکھا ہے ' یہ ان کی لاپرواہی اور پوری ٹریفک کو چلانے کے لئے ایک اہم رول ادا کرتا ہے ۔ ان کی تنخواہیں بڑھائیں اور وقت کی پابندی بھی لازمی قرار دی جائے ۔ یہ تیز رفتاری کی وجہ سے بہت ساری قیمتی جانیں ضائع کرتے ہیں اور پبلک

کو بہت نقصان ہوتا ہے ۔ اس کے ساتھ ساتھ میں سمجھتا ہوں کہ ٹریفک پولیس بلاوجہ لوگوں کو تنگ کرتی ہے اور لوگوں سے رشوت لیتی ہے اور خاص کرٹرکوں اور پبلک ٹرانسپورٹ سے رشوت لیتی ہے ۔ شہروں کے اندر بڑی لمبی لمبی قطاریں بڑے سفید پوش لوگوں کی ہوتی ہیں جنہوں نے دور جانا ہوتا ہے ۔ جسامت اب بڑی ہوگئی ہے تو اس لحاظ سے ان کو دفاتر اور دوسرے کاموں پر جانے کے لئے سواری میسر نہیں ہوتی شہر کے اندر رکشے وغیرہ تھوڑے ہیں تو جو منی بسیں ہیں ان کو encourage کریں اور ان کے ٹیکس اور ٹوکن میں کمی کی جائے ۔ تعداد ان کی زیادہ کی جائے تاکہ سہولت ہوسکے ۔ اس لحاظ سے اس کی overhauling کے لئے اور Safety Act بنانے کے لئے ضروری ہے کہ حکومت خصوصی توجہ دے اور لوگوں کی سہولت ، عزت کو ملحوظ خاطر رکھتے ہوئے ٹریفک پولیس کو خاص طور پر ہدایت کرے ڈرائیور ہائی ویز پر جو گاڑیاں چلاتے ہیں، ان میں سے کسی کی بریک نہیں ہوتی ، تو کسی کے ٹائر اچھے نہیں ہوتے

that should also be very regularly checked for the sake of the peoples life.

انہیں الفاظ کے ساتھ میں سمجھتا ہوں کہ حکومت اس پر ذرا خصوصی توجہ دے اور لوگوں کی سہولت اور عزت کو ملحوظ خاطر رکھا جائے ۔ شکریہ ۔

Mr. Acting Chairman: Thank you very much. Anybody who would like to speak on this particular subject. We are going through Item No.2.

Senator Wasim Sajjad : I would like to say a few words on this subject, if permitted.

Mr. Acting Chairman: Yes, please.

Senator Wasim Sajjad: Sir,

یہ پبلک ٹرانسپورٹ سسٹم کا معاملہ زیرغور ہے ۔ اور میرا خیال ہے جو سینیٹر نعیم چٹھہ صاحب نے کہا ہے وہ اس ضمن میں بہت زیادہ relevant ہے ۔ میں جس پہلو کی طرف اس ایوان کی توجہ دلانا چاہتا ہوں اور خصوصاً ان committees کی جن کا ان سے تعلق ہے کہ ایک پہلو جو کافی

عرصے سے نظر انداز ہو رہا ہے وہ insurance کا پہلو ہے ۔پہلے یہ ہوا کرتا تھا کہ third party insurance ہر گاڑی کے لیے ضروری ہوتی تھی اور third party کا مطلب یہ ہوتا ہے کہ اگر کسی accident کی وجہ سے کسی تیسری پارٹی کو نقصان پہنچا ہے ، اس کی گاڑی کو پہنچا ہے یا کوئی جان ضائع ہوئی ہے تو insurance company اس کی ذمہ دار ہوگی۔ اب insurance کیا ہے؟ Insurance یہ ہوتی ہے کہ اس وقت جو ہمارا modern معاشرہ ہے اس میں ہم نے بہت سے risk factors introduce کیے ہیں یعنی گاڑی چلانے سے ایک تو سہولت اس شخص کے لیے ہے جو چلاتا ہے لیکن جب بے شمار گاڑیاں سڑکوں پر آ جاتی ہیں تو ان لوگوں کے لیے risk ہو جاتا ہے جو سڑکوں پر چلتے ہیں یا دوسرے گاڑیاں چلاتے ہیں تو اس کے لیے باقی ممالک میں یہ ہے کہ تمام گاڑیوں کی insurance کر دی جاتی ہے اور اگر خدانخواستہ کسی کی جان ضائع ہوتی ہے تو پھر insurance company پر لازم ہوتا ہے کہ وہ اس کا معاوضہ ادا کرے ۔ اس میں ہر وقت حکومت کو اس کے اندر ان کے لیے مشکل بھی ہوتی ہے اور اس کے لیے ان کی قانونی رکاوٹیں بھی ہوتی ہیں تو میرے خیال میں insurance کے نظام کو بہتر کرنا چاہیے ، ہر گاڑی کے لیے قانون جو ہے اگر اس میں کوئی سقم ہے تو اس کو دور کرنا چاہیے تاکہ third party insurance کی جائے اور اگر کوئی شخص زخمی ہوتا ہے یا اس کی جان ضائع ہوتی ہے تو insurance company پر لازم ہونا چاہیے کہ بغیر fault establish کرنے کے یعنی fault is irrelavent کہ کس کی غلطی ہے کیونکہ ایک جائز رائے ہوگی اس کو ہم قانون میں strict liability کہ اس میں یہ نہیں دیکھنا ہوتا کہ غلطی ہے ، نہیں ہے ۔ قانونی موشگافیوں میں پھنسنے کی ضرورت نہیں ہے اگر کسی شخص کی جان ضائع ہوتی ہے تو پھر اس انشورنس کمپنی کو معاوضہ ادا کرنا چاہیے اور قانون سازی کی اس میں ضرورت ہے تاکہ قانون کو بہتر کیا جائے اور اس ضمن میں امریکہ اور دوسرے یورپین ممالک ہیں ان میں انشورنس کے ذریعے اس نظام میں ایک equitable basis دی گئی ہے ۔ انشورنس کے نظام کے ذریعے risk کو share کیا گیا ہے اور insurance کے نظام کے ذریعے سوسائٹی میں ایک ہمواری لائی جاتی ہے تو میری درخواست ہوگی کہ جو کامرس کی کمیٹی ہے قانون کی کمیٹی ہے وہ اس پہلو کو دیکھے تاکہ پاکستان کا یہ جو پہلو ہے اس کو بہتر کیا جا سکے۔

Mr. Acting Chairman: Thank you. Who would speak on this subject?

Senator Muhammad Ishaq Dar: Mr. Chairman...

Mr. Acting Chairman: No, no. Let me finish this item and after that I will consider. Anybody who would like to speak on this point.

Senator Muhammad Ishaq Dar: Sir, there was anunderstanding with the Leader of the House that he will just give clarification.

جناب قائم مقام چیئرمین، آپ موجود نہیں تھے۔ آپ کے دو points of order due ہیں ایک اکبر صاحب کا اور ایک آپ کا۔

I will give it to you after item No. 2 is finished. Let me complete item NO.2.

Senator Muhammad Ishaq Dar: Sir, we croak on a point, let us complete that point first.

Mr. Acting Chairman: You decided to leave and in the meantime I had to conduct the House. I couldn't sit here.

Senator Muhammad Ishaq Dar: Sir, fair enough then you go back---

Mr. Acting Chairman: I don't go back. Let us finish this.

سینیٹر محمد اسحاق ڈار، ٹھیک ہے اگر آپ کی غلطی----

سینیٹر وسیم سجاد، غلطی نہیں ہے۔ ایک تقریر رہ گئی ہے اس کے بعد ان کا point of order لے لیں۔

جناب قائم مقام چیئرمین: ایک ہی تقریر رہ گئی ہے it will take 5

minutes.

Senator Muhammad Ishaq Dar: Sir, I will not take more than four five minutes.

Mr. Acting Chairman: OK.

Senator Muhammad Ishaq Dar: Mr. Chairman thank you so much. First of all sir,

یہ بات بڑی افسوسناک ہے کہ

the status and the style which we have seen in this House is most regretable, I don't think I remember

کہ پچھلے بارہ پندرہ سال میں اس قسم کا atmosphere اس House میں ہوا ہو اگر کسی کے sub conscious میں کوئی guilt ہے ' اپنی پارٹی کے problems ہیں' کوئی کچھ ہے خدا کے لیے اس ایوان کے ماحول کو اس طرح pollute نہ کریں کہ یہ معاملہ آگے نہ چل سکے۔ آپ نے خود observe کیا کہ یہاں سے بھی ہوا ' ادھر سے بھی ہوا۔ جناب یہ کہنا کہ کوئی judgement پڑھ کر نہیں آیا

sir, this is a very broad statement to give. I am sure Barrister Raza Rabbani---

Mr. Acting Chairman: You are here to refute it.

Senator Muhammad Ishaq Dar: Sir no, and he quoted also for example, let me quote it to you sir I was listening, I have not read the judgement but he has, so to say this that

کوئی judgement پڑھ کر نہیں آیا کسی کو national interest کا پتا ہی نہیں ہے۔

Sir, this is too much, you cannot give judgement against a colleague or colleagues whether sitting on that side or this side. We should respect

each other and we should respect the atmosphere and the decor of this House.

جناب والا! انہوں نے باقاعدہ quote کیا ہے for example he said that under the NAB law maximum چودہ سال ہو سکتی ہے and he quoted a number of instances اسی طرح یہ کہنا کہ ان کو national interest کی پرواہ ہی نہیں ہے sir it is a categorically wrong statement کہ انہوں نے reference بنایا تھا۔

sir I challenge the honourable minister to produce evidence in this House that this reference was made by PML(N) government of Mian Nawaz Sharif. Sir, I will say whatever penalty he will say am prepared to face it. It has not been done by PML(N). Sir having checked the record, it was done not by Ehtesab Bureau, this reference was made by NAB after 12th October 1999. Sir, we should be looking towards positive side,

جناب اگر ایک سابقہ سپیکر کا ہوا ہے جیسے دوسرے مختلف Speakers نے کہا کل کو چیئرمین کا، ڈپٹی چیئرمین کا یہی حال ہو سکتا ہے۔

Sir, there is a Public Accounts Committee. There was a suggestion that this House, this Parliament must govern and it should have its checks and balances

کہ جب لوگ Chairmanship یا Deputy Chairmanship سے Speakership یا Deputy Speakership سے فارغ ہوں تو پھر ان کو political victimization کے چکر میں، جناب! اس type کی problems انہیں نہ face کرنی پڑیں۔ اس کا بہترین حل یہ ہے کہ we should be focussing towards that کہ Money Bill جب اس House میں نہیں آتے تھے اس وقت

Public Accounts Committees are the best forum to address all such issues and if it is not, there are so many Barristers sitting in this House,

they should study it seriously. They should come out with suggestions and with amendments to the rules that this sovereign Parliament should also have checks and balances against anybody belonging to this House even Senators or MNAs if they flout within the premises and definitions of these two Houses sir, they should be taken care of within our own body, not outside ..

**Mr. Acting Chairman:** The body should be made from the House as a Committee, why don't you form it?

**Senator Muhammad Ishaq Dar:** You cannot form it. Under the Constitution, it needs amendment that is what I am suggesting.

Money کہ that now we had made one amendment بجائے ہم اس طرف دیکھیں

Bill یہاں آئے گا

Though we cannot pass it. We can only make recommendations and whole House saw that we made very good 32 recommendations this time. This House with consensus.

جناب! اس میں دیکھنے والی یہ چیز ہے کہ

there should be a joint forum now like Public Accounts Committee comprising of the both Houses and they should take care of such problems the Chairman has violated, if Deputy Chairman has violated, Speaker has violated, the Deputy Speaker has violated. Sir, we should look towards that. Sir, that is my humble suggestion, I have all the respect for the two honourable Ministers, they are our Parliamentarian colleagues but the way they conducted themselves sir, is not required and never

have been seen in this House.

میری ان سے گزارش ہے وہ اپنا point of view ضرور کریں لیکن اس type کی بات کرنا کہ جی ان کو کوئی national interest نہیں ہے یہ کل یہ تھے اور آج یہ ہیں، طعنوں والی بات جو ہے جناب! this is not fair اور یہ کہنا کہ یہ پڑھ کے نہیں آئے، کسی نے judgement نہیں پڑھی، ان کو پتا ہی نہیں۔ یہ فضول بات کر رہے ہیں۔ میں ڈاکٹر ہوں یہ سارے ڈنگر ہیں, sir these have been never heard in this House تو میری گزارش ہے کہ

in future if we want this House to run in a smooth manner which has been running for quite some time *Masha Allah* so, I think we should follow that. Sir, coming to the issue

جس پر آپ نے پانچ speakers کو اجازت دی تھی اور میں چوتھا ہوں

sir, if again, let's say what is accountability sir, right, let's say for hypothetically speaking

کہ اگر Yousaf Raza Gillani former Speaker نے کچھ commit کیا ہے let's see کہ is this accountability میں یہ claim نہیں کرتا کہ

Ehtesab Bureau of Mian Nawaz Sharif or accountability process of Benazir was transparent and they were across the board. There were lapses there. But does it mean that two wrongs will make one right sir. This unfortunately the current process of accountability post 12th October, 1999 has been a worst and it can be amplified with dozens of instances and examples where it was only meant and used for political victimization. I mean you have Public Accounts in this country of various banks in which it is written any defaulter, any write off cannot be, even Member of this House what to talk of hold a Cabinet position. There are people sitting here today. They are people who have been in the Cabinet

also.

جناب! بات یہ ہے کہ جب آپ law کو ' You will not enforce the law the way it should be and across the board with complete honesty and transparency

تو مسائل اسی طرح پیدا ہوں گے جیسے آج ہم دیکھ رہے ہیں۔ آپ نے جاوید ہاشمی کا دیکھا

What was his fault? He simply read out a letter which was pushed through every parliamentarian's lodge

میرے کمرے میں بھی وہی خط تھا اور اس بیچارے نے نیچے Cafeteria میں وہ خط پڑھا تو

جناب!

What happened ? We saw the way the trial was conducted it was moved to Adialah Jail as he was the biggest Dawood Ibrahim of this country. He was the biggest smuggler and the biggest scoundrel. Sir, this is not the way

یہ political victimization ختم ہونی چاہیے۔

The country is facing global challenges and same thing has happened with Yousaf Raza Gillani. As I said, I am not a lawyer. I am not the Judge, have not read the judgement, I confessed. But sir, the way it has been done and the evidences which are available today are much bigger, much serious because they are fraudulent with this country.

جناب قائم مقام چیئرمین، ذرا wind up کرنا شروع کر دیں۔

Senator Muhammad Ishaq Dar: Sir, I condemn in the strongest possible words that this sentence of Yousaf Raza Gillani has been against the justice. He was the Speaker, he was authorised and he exercised, he was authrised to do so, he exercised on his part sir. Sir, and

it is most unfortunate that I hope that in the appellate forum, in the apex court, he would be given due justice, I hope this sir but

جیسے میں نے عرض کیا کہ یہ کہنا کہ reference file ہو سکتے ہیں، آپ اس کو دیکھ لیں گے۔ Sir,
خدا کے لئے آپ اپنے Chamber میں کچھ لوگوں کو بٹھا کر سمجھائیں کہ اس House کا یہ ماحول نہیں ہے، اس کو pollute نہ کریں، if you start this pollution sir, this will continue to expand and what would happen naturally. So, thank you very much, Mr. Chairman.

Mr. Acting Chairman: That process has started already.

دیکھیئے چار آدمیوں کو کہا گیا تھا، چار آدمی بول چکے ہیں۔ Raza you are the last speaker
اس subject پر میں بعد میں نہیں بولنے دوں گا، آپ بولیں but be very crisp and short
دوسرے کے لئے میں آپ کو بعد میں بلاؤں گا، ذرا ان کو بولنے دیں مولانا صاحب۔

سینیٹر رضا محمد رضا: شکریہ جناب چیئرمین۔ جناب چیئرمین! سب سے پہلے تو میں پختونخواہ ملی پارٹی اور محکوم قوموں کی تحریک پونم کی نمائندگی سے سابق سپیکر جناب یوسف رضا گیلانی کی اس سزا کو غیر آئینی، غیر قانونی قرار دیتے ہوئے اس کی مذمت کرتا ہوں، اس کو مسترد کرتا ہوں۔ جناب چیئرمین! یہ ایک تلخ حقیقت ہے کہ NAB جیسے، RAB جیسے ادارے جمہوری سیاسی قوتوں کو تابع بنانے کا، اس Parliament کو، جمہوری اداروں کو بے وقعت بنانے کا، اس کو defame کرنے کا ایک ذریعہ رہے ہیں۔ Military کے جرنیلوں نے، مارشل لاء کی قوتوں نے ان اداروں کو ہتھیار کے طور پر استعمال کیا ہے، اپنے ایجنڈے کو عملی بنانے کے لئے، اپنے مقاصد حاصل کرنے کے لئے اور یہ جو یوسف رضا گیلانی کی سزا ہے، اس کا واضح مقصد ان مقدس ایوانوں کو، قومی اسمبلی کے ایوان کو، سینیٹ کے ایوان کو بے وقعت بنانے کے سوا کچھ نہیں ہے۔ جناب چیئرمین! LFO کے نظام کے تحت ایسے اداروں کی کوئی آئینی وقعت نہیں ہے اور وزراء صاحبان ہمیں عدلیہ سے بھی نہ ڈرائیں، عدلیہ Parliament کے تابع ہے، اس کو اس Parliament کی بالا دستی تسلیم کرنی ہو گی۔ ہماری Supreme Court اور ہائی کورٹوں کو

صرف آئین کی تشریح کا اختیار ہے، آئین بنانے کا کوئی اختیار نہیں ہے، PCO کے تحت حلف اٹھانے والے ججوں کی کوئی اہمیت نہیں ہے، کوئی وقار، کوئی وقعت اور کوئی حیثیت نہیں ہے۔ جناب چیئرمین! یہ جو NAB کے ذریعے military حکمرانی قائم ہے، یہ جس طرح National Security Council کا ادارہ military جرنیلوں کا Parliament پر مسلط ہے۔ اسی طرح ایسے ادارے جمہوری قوتوں کو اپنے مقاصد سے دستبردار کرنے کے لئے اور ان کو ڈرانے کے لئے، ان کے خلاف ناروا ہتھیار استعمال کرنے کے لئے استعمال ہوتے رہے ہیں۔ اس سزا کی میں پرزور مذمت کرتا ہوں اور یہ انتہائی غیر آئینی اور غیر قانونی سزا ہے جس کا مقصد اس ایوان کو بے وقعت کرنا ہے تو اس سزا کو منسوخ کیا جائے اور تمام ناروا مقدمات ختم کئے جائیں۔

Mr. Acting Chariman: Thank you very much and this subject is now closed. We are on this transportation system in the country. Anybody would like to speak on it? Mr. Riar sahib.

Senator Dr. Abdullah Riar: Thank you Mr. Chairman for giving me the opportunity to speak on the subject of public transport. Briefly, I would like to highlight the issue that the public transport in our country, unfortunately its by- product of no policy. There is no comprehensive mechanism in place, there is no comprehensive evaluation of our transportation system which benefits or attends to the needs of the common public and what requires is on the part of Government to address this issue with seriousness and serious gravity of the issue is, it needs to be looked at. The basic problems that consumer faces is not only intercity transportation problems, transportation between intercity and inter provincial transport issues each one has different dynamics.

Mr. Acting Chairman: Can we have less talking here please.

Senator Dr. Abdullah Riar: I would like the attention of the honourable Ministers, they might benefit from some observations so, if they can pay little attention to the discussion, please get the House in order..........

Mr. Acting Chairman: The House is in order please proceed.

Senator Dr. Abdullah Riar: Transportation problem beside the point it is adding in to the pollution of the environment, noise pollution and the environmental pollution is further compounded by the unregulated transport issues. I would like to have the government look into the affordability of the public transport as well a major factor. Sir, in most of the cities, the commercial traffic and a non-commercial traffic has no distinction, the heavy vehicles, 8 wheelers or 10 wheelers, there is no criterion of the road capacity which should be delegated for this kind of vehicles to operate on. No standards have been maintained, these things need to be looked and attended by the relevant authority and the government.

Lastly, I would like to submit here the licencing mechanism which is in place, it is unfortunate that anybody who spends 2000/=, 5000/= rupees gets a driving licence and I don't know at what level that can be resolved. That is a very serious issue that there should be a national or a provincial or a regional whatever district level, strict rules and regulations where the licences mechanism should be standardized and anybody walking over the keys should not have the right to drive a Truck or a Bus

with 200 passengers on it.

Mr . Acting Chairman: Bus having 200 passengers? Buses normally don't have 200 passengers but anyhow.

سینیٹر ڈاکٹر عبداللہ ریاڑ، چلیں سر دو کرلیں، double vehicle کرلیں۔ شکریہ جناب۔

Mr . Acting Chairman: Thank you very much . Any body would like to speak from this side on transportation. Komaili sahib.

سینیٹر محمد عباس کمیلی، بسم اللہ الرحمن الرحیم۔ جناب چیئرمین! یہ مسئلہ نہایت ہی حساس ہے اور بالخصوص کراچی کی سڑکوں پر اگر کوئی گھوم پھر کر دیکھے تو کتنی جانیں ضائع ہو رہی ہیں، کس بے دردی سے عوام کو کچلا جا رہا ہے۔ اکثر Cleaners بسیں چلا رہے ہیں، Drivers پتا نہیں کہاں غائب ہوتے ہیں۔ نشے کی حالت میں ٹرک اور بسیں چلائی جاتی ہیں، خاص طور پر National Highways پر، اس میں عوام کچلی جا رہی ہے۔ میں آپ کی توجہ اس طرف مبذول کراؤں گا کہ کراچی میں جو سب سے بڑا فساد پیدا ہوا تھا وہ اسی وجہ سے ہوا تھا کہ ایک طالبہ بشریٰ زیدی کو سڑک پر ایک transport کے ذریعے کچل دیا گیا تھا اور اس کے نتیجے میں ایک عرصے تک کراچی میں ہنگامے ہوتے رہے۔ اس سسٹم کو check کرنے کی ضرورت ہے۔ یہ Cleaners جو کہ بالغ بھی نہیں ہوتے وہ بسیں چلا رہے ہوتے ہیں اور وہ اس قدر speeding کرتے ہیں کہ جس کی کوئی انتہا نہیں ہے اور جو بھی راستے میں آجائے اسے کچل دیتے ہیں۔ اس کے علاوہ جو بسوں میں سوار ہوتے ہیں ان کے ساتھ انتہائی ناروا سلوک کیا جاتا ہے۔ ایک مافیا ہے جو چھایا ہوا ہے، اسے control کرنے کی سخت ضرورت ہے۔ ہمیشہ یہ وعدے کئے جاتے ہیں لیکن اس کا کچھ تدارک نہیں ہوتا اور پولیس بھی کوئی notice نہیں لیتی، باقاعدہ بھتے fix ہوتے ہیں، routes نیلام کئے جاتے ہیں اور پسندیدہ افراد کو وہ routes دیئے جاتے ہیں۔ کراچی میں ایک وحشیانہ نظام قائم ہے، اس کو check کیا جائے۔ یہاں اسلام آباد میں تو پھر بھی بہتر ہے لیکن کراچی میں صورتحال بہت ہی گھمبیر ہے۔ شکریہ۔

Mr. Acting Chairman: Thank you very much. Anybody else. Muhammad Hussain sahib.

سینیٹر سید محمد حسین، شکریہ جناب چیئرمین۔ گاڑیوں کے تو بڑے مسائل ہیں لیکن جب ہملاہور یا دوسرے بڑے شہروں کے درمیان میں سفر کرتے ہیں تو اکثر گاڑیوں میں VCR اور فحش گانے لگائے جاتے ہیں، اس سے یقیناً سارے مسافر disturb ہوتے ہیں اور کوئی شریف آدمی اس میں سفر کرنے کے لئے تیار نہیں ہوتا۔ اسلامی یا شرعی نظام کو تو چھوڑ دیں، میرے خیال میں کسی ملک میں بھی اخلاقاً یہ مناسب نہیں ہے کہ گاڑیوں میں گانے بجائے جاتے ہوں یا VCR چلایا جاتا ہو۔ اکثر مسافر لڑنے پر اتر آتے ہیں۔ کوئی کہتا ہے tape چلاؤ، کوئی کہتا ہے بند کرو۔ یہ ایک مسئلہ ہے اس پر غور کیا جائے۔ اڈوں میں مسافروں کے لیے کوئی خاص سہولت میسر نہیں۔ نماز کی جگہ کو تو چھوڑیں وہاں قضائے حاجت کا کوئی بندو بست بھی نہیں ہے۔ مسافر ان مسائل سے بہت تنگ ہیں۔ اب Pressure Horn کا مسئلہ ہے۔ بسوں والے، ٹرکوں والے ایسے horn بجاتے ہیں کہ چھوٹی گاڑی بالکل بے بس ہوجاتی ہے۔ تو یہ چند مسائل ہیں ان پر خاص طور پر غور کیا جائے۔ بہت بہت شکریہ۔

Mr. Acting Chairman: Anybody from this side? Point of order میں بعد میں لوں گا۔ ہدایت اللہ صاحب کو floor دیتے ہیں، یہ پہلے بھی کھڑے ہوئے تھے۔ اسی مسئلے پر بول رہے ہیں۔

سینیٹر سید ہدایت اللہ شاہ: جی اسی مسئلے پر بول رہا ہوں۔ شکریہ جناب چیئرمین! یہ transporters کا جو مسئلہ ہے، کئی دفعہ ہم نے یہ مسئلہ اٹھایا تھا۔ پروفیسر خورشید صاحب نے بھی یہ مسئلہ اٹھایا تھا کہ راولپنڈی اور اسلام آباد کے درمیان جو ویگنیں چل رہی تھیں ان ویگنوں کو بند کر دیا گیا جس کی وجہ سے راولپنڈی اور اسلام آباد کے عوام کے مسائل مزید پیچیدہ ہو گئے ہیں۔ جو غریب لوگ ویگنیں چلا رہے تھے راولپنڈی اور اسلام آباد کے درمیان اور لوگوں کو آسانیاں بھی تھیں لیکن ایک مخصوص طبقہ کی وجہ سے اور اس کے مفاد کی وجہ سے ویگنوں کو بند کر دیا گیا اور 20 ہزار آدمی بیروزگار ہوگئے اور اسلام آباد اور راولپنڈی کے درمیان آنے والے لوگوں کی

بھی مشکلات بڑھ گئیں۔ لہذا میں اس ایوان بالا کے توسط سے پھر دوبارہ درخواست کرتا ہوں کہ ان ویگنوں کو بحال کر دیا جائے تاکہ مزدوروں کو مزدوری بھی ملے اور جو راولپنڈی اور اسلام آباد کے درمیان مسافروں کی مشکلات ہیں ان کو آسانی سے حل کیا جا سکے۔

Mr. Acting Chairman: Thank you. Anybody from this side who would like to speak on transportation. Buledi sahib.

سینیٹر ڈاکٹر محمد اسمٰعیل بلیدی: جناب! transport ایک بہت اہم مسئلہ ہے۔ یہاں transport کا کوئی انتظام نہیں ہے۔ یہاں لوگ بہت پریشان ہیں۔ یہاں کوئی audit، کوئی accountability یا کوئی احتساب اس نظام میں بالکل نہیں ہے۔ یہاں ایک ہے پولیس والا SHO یا کوئی SP traffic یا اس سے جو اوپر ان کا SSP ہے، DIG ہے یا IG ہے تو اللہ معاف کرے میں کیا کہوں کہ وہ کھلے عام گاڑی والوں سے کہتے ہیں کہ پیسے دو۔ چاہے وہ جتنا بھی wrong چلائیں یا وہ signal توڑیں، آخر میں وہ کہتے ہیں کہ ہمارے پاس -/100 روپے تو نہیں ہیں تو وہ کہتے ہیں کہ 50 روپے ہی دے دو، 50 روپے نہیں ہیں تو 2 روپے پر بھی یہ بیچارے گزارہ کرتے ہیں کہ 2 روپے تو دے دو۔ اس نظام میں جب ویگن والے drivers اور transporters یہ سمجھتے ہیں کہ دو روپے دے کر جتنی بھی بڑی غلطی کرو یا کسی کو مارو یا accident کرو یا signal توڑو یا جو بھی کرو مجھے صرف دو روپے سے چھٹکارا ملے گا تو یہ ہے ملک کا نظام۔ اس میں جو ان کے بڑے ہیں وہ ان transporters سے باقاعدہ monthly بھتہ لیتے ہیں۔

دوسری بات یہ ہے کہ یہاں جس طرح کی بے احتیاطی ہے اور ان کا جو traffic کا نظام ہے یہ انتہائی خراب ہے۔ اس کے لیے ابھی تک ملکی سطح پر کچھ نہیں ہوا۔ کوئی کمیٹی یا جو expert لوگ ہیں، سینیٹ یا قومی اسمبلی کی کوئی کمیٹی اس پر بیٹھ جائے اور جو transporters ہیں ان کو بلایا جائے اور وہ کھلی کچہری کریں۔ جناب چیئرمین! لوگ کیا کیا شکایتیں کرتے ہیں۔ کرایہ وہ اپنی مرضی سے ہر مہینے بڑھا دیتے ہیں۔ اب جو غریب لوگ ہیں، ایک مزدور ہے یا ملازم ہے جس کی تین ہزار روپے تنخواہ ہے یا دو ہزار روپے تنخواہ ہے تو جو کرایے راتوں رات

بڑھ جاتے ہیں اسے وہ کہاں سے پورا کریں گے۔ Route نہیں دیکھا جاتا ہے اور یہاں جس کی مرضی ہو وہ مل ملا کر ملی بھگت سے اس نظام کو چلا رہے ہیں اور یہاں جو route منتخب ہوئے ہیں وہ بھی غلط ہیں، سفارش، لالچ پر route permit مل جاتے ہیں۔ ان کا بھی پاکستان میں کوئی system نہیں ہے۔ یہاں ایک تو جس کا way نہیں ہے، دونوں طرف سے کبھی کبھی گاڑیاں آتی ہیں، وہ لوگ حیران ہیں کہ میں کہاں جاؤں۔ اگر آپ کسی کو کہیں گے کہ جی آپ wrong آرہے ہیں، یہ آپ کا راستہ نہیں ہے تو وہ کہتا ہے کہ پاکستان میں سب کچھ چلتا ہے۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ اگر وہ پکڑا بھی جاتا ہے تو اس کے لئے کوئی سزا نہیں ہے۔ جس کی کوئی سفارش نہ ہو اور وہ پیسہ نہ دے سکے تو چالان اس کا ہوتا ہے۔ میں ایک دفعہ کا واقعہ سناتا ہوں کہ میں ایک رکشہ میں سوار تھا۔ اس رکشہ کو ایک traffic inspector نے روکا اور اسے کہا کہ آپ اپنا licence دکھائیں۔ جب اس بے چارے نے اپنا licence دکھایا تو اس نے کہا کہ یہ expire ہے، اس کی تجدید نہیں کروائی ہے۔ ڈرائیور نے کہا کہ چار پانچ دن کا فرق ہے۔ میں اسے جلدی renew کروالوں گا۔ انسپکٹر نے کہا کہ نہیں، آپ ایک سو روپیہ دے دیں۔ اس نے کہا کہ میرے پاس اس وقت سو روپیہ نہیں ہے، صرف پچاس روپے ہیں، یہ آپ لے لیں۔ انسپکٹر نے کہا کہ میں یہ نہیں لیتا ہوں۔ پھر میں نے اسے کہا کہ آپ پچاس روپے میں گزارا کریں اور یہ لے لیں۔ اس نے کہا کہ صوفی صاحب! آپ اس میں مداخلت نہ کریں۔ آپ کیوں مداخلت کرتے ہیں۔ آپ تو سواری ہیں، مسافر ہیں۔ میں نے کہا کہ میں آپ سے request کرتا ہوں کہ آپ یہ لے لیں کیونکہ میرا بھی time ضائع ہو رہا ہے۔ آپ اس سے پچاس روپے لے لیں اور گزارا کریں۔ جب وہ نہ مانا تو آخر میں مجھے اسے ڈانٹنا پڑا اور مجھے اپنا تعارف بھی کروانا پڑا۔ جب میں نے تعارف کروایا تو وہ حیران رہ گیا کہ ایک سینیٹر کراچی جیسے شہر میں رکشہ میں سوار ہے۔ میں نے اسے کہا کہ یہ کوئی نئی بات نہیں ہے۔ میں سمجھتا ہوں کہ اگر آپ اس system کو اسی طرح چھوڑ دیتے ہیں تو یہ ٹھیک نہیں ہے۔ transport سے متعلق جو کمیٹی ہے، اس مسئلہ کو اس میں باقاعدہ طور پر پیش کیا جائے اور پھر کمیٹی جو proposals دیتی ہے، اس پر سختی سے عمل کریں۔ اس کے لئے آپ ابھی order کریں۔ جناب والا! میں عرض کرتا ہوں کہ آپ اپنا حلیہ بدل لیں اور یہاں سے راولپنڈی کے لئے کسی بس پر سوار ہو جائیں۔

جناب قائم مقام چیئرمین : حلیہ پہلے ہی بدلا ہوا ہے۔

سینیٹر ڈاکٹر محمد اسماعیل بلیدی : آپ یہ نہ کہیں کہ میں ڈپٹی چیئرمین ہوں، آپ یہ نہ کہیں کہ میں سینیٹر ہوں۔ پھر آپ دیکھیں کہ وہاں کیا ہوتا ہے۔ یہ مسافروں کے ساتھ کس طرح پیش آتے ہیں اور مسافروں کو کون سی تکالیف کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ میں سمجھتا ہوں کہ مسافروں اور transporters کو بھی کمیٹی میں بلایا جائے اور اس نظام کو بہتر بنانے کے لئے ٹھوس انتظامات کئے جائیں۔ جب پاکستان کی airports پر foreigners آتے ہیں تو ان کے سامنے traffic والے پیسے لیتے ہیں۔ اس سے ہماری بیرونی ممالک میں بدنامی ہوتی ہے۔ انگریز کہتے ہیں کہ یہ کیسے لوگ ہیں کہ انہوں stars لگائے ہوئے ہیں اور پچاس روپے اور دس روپے رشوت لے کر گزارا کرتے ہیں۔ جناب چیئرمین! یہ ہمارے ملک کی بدنامی ہے۔ اس لئے اس مسئلہ پر باقاعدہ بحث کی جائے اور اسے کمیٹی کے سپرد کیا جائے۔ ہر مہینے تمام متعلقہ اداروں کو بلا کر meeting کی جائے اور کسی قسم کی بدعنوانی میں اگر کوئی officer involve ہے، اس کے خلاف تادیبی کارروائی کی جائے تاکہ آئندہ وہ اس طرح کی غلطی نہ کرے۔ Thank you very much.

جناب قائم مقام چیئرمین : شکریہ۔ بروہی صاحب۔

سینیٹر ڈاکٹر محمد علی بروہی : جناب والا! میں transport کے حوالے سے چند گزارشات پیش کروں گا۔ عرض یہ ہے کہ transport کے حوالے سے کراچی اور پورے سندھ میں ایسی صورت حال ہے کہ وہاں کے عوام بہت پریشان ہیں۔ آپ لاہور، اسلام آباد یا پورے پاکستان میں دیکھ لیں کہ ڈرائیور زیادہ تر نشے کی حالت میں driving کرتے ہیں اور یہ ڈرائیور بھی نہیں ہوتے ہیں بلکہ cleaners ہوتے ہیں جو drive کرتے ہیں۔ اس سے کافی انسانی جانیں ضائع ہوئی ہیں۔ جناب چیئرمین! میں گزارش یہ کروں گا کہ ہمارے پاس قانون ہے، ہر چیز ہے مگر اس پر عمل نہیں ہوا۔ پاکستان کی آزادی کو 57 سال ہو چکے ہیں لیکن ان کی implementation نہیں ہو رہی ہے۔ ایک ڈرائیور پچاس یا سو روپے دے کر اپنی جان چھڑا لیتا ہے لیکن جتنی جانیں ضائع ہوتی ہیں، ان کا کوئی پوچھنے والا نہیں ہے۔ transport کے بارے

میں کراچی اور interior سندھ میں بہت problems ہیں ۔ گندی سے گندی گاڑیاں transportation کے لئے چلائی جاتی ہیں اور انسانوں کو بھیڑ بکریاں سمجھ کر ان میں سوار کرتے ہیں۔ اس مسئلے کے بارے میں ہمارے تمام ساتھیوں نے بات کی ہے۔ اس لئے میری گزارش ہے کہ اس قانون پر strictly عمل کیا جائے۔ اور اسے implement کیا جائے تاکہ اس سے عوام کی بہتری ہو اور انہیں کوئی فائدہ پہنچایا جاسکے۔

جناب قائم مقام چیئرمین: ڈاکٹر مراد علی صاحب۔

(اس مرحلے پر کافی اراکین کھڑے ہو گئے)

جناب قائم مقام چیئرمین: آپ سب اس پر بولیں گے۔

سینیٹر سید مراد علی شاہ: جناب چیئرمین!

Mr. Acting Chairman: But make it very short.

سینیٹر سید مراد علی شاہ: بہت ساری باتیں ہو چکی ہیں۔

سینیٹر گلشن سعید، آپ ہمیں time ہی نہیں دیتے۔ میں نے کئی دفعہ ہاتھ کھڑا کیا۔

I leave the House. احتجاجا

جناب قائم مقام چیئرمین: آج کا دن--

سینیٹر گلشن سعید، آپ کا یہ طریقہ مجھے بالکل پسند نہیں ہے۔

جناب قائم مقام چیئرمین: ان کا یہ point of order نہیں ہے۔ آپ کو کس نے کہا کہ یہ ان کا point of order ہے۔

سینیٹر گلشن سعید: ان کا یہ point of order نہیں ہے لیکن میں آپ کی اجازت چاہ رہی ہوں تو آپ بات ہی نہیں سننا چاہتے۔

جناب قائم مقام چیئرمین: میں نے آپ کو کہا ہے کہ--

سینیٹر گلشن سعید، ٹھیک ہے، آپ اپنا House چلائیں۔

جناب قائم مقام چیئرمین: میں House چلا رہا ہوں۔

سینیٹر گلشن سعید ؛ یہ کوئی طریقہ نہیں ہے۔ جب میں نے شروع میں point of order raise کیا تھا۔

جناب قائم مقام چیئرمین : آپ بات تو سنیں۔ میں نے کہا ہے کہ جب یہ item ختم ہوتا ہے تو اس کے بعد میں آپ کا point of order لوں گا۔

سینیٹر گلشن سعید ؛ جب آپ مجھے اجازت دیں گے ' اس وقت یہاں سننے کے لئے ایک بندہ بھی نہیں ہو گا۔

جناب قائم مقام چیئرمین : نہیں۔ سب بیٹھے ہوئے ہیں۔ آپ دیکھ لیں۔ اگر آپ بیٹھی ہوئی ہیں تو سب بیٹھے رہیں گے۔

سینیٹر گلشن سعید ؛ آپ ان سب کو موقع دے رہے ہیں۔

جناب قائم مقام چیئرمین : دیکھیں۔ اگر آپ بیٹھی ہوئی ہیں تو سب بیٹھے رہیں گے اور اگر آپ گئیں تو پھر سب چلے جائیں گے۔

سینیٹر گلشن سعید ؛ یہ کوئی بات نہیں ہے۔

جناب قائم مقام چیئرمین : آپ بیٹھ جائیں۔ ان کے بعد آپ کو موقع دیتے ہیں۔

سینیٹر گلشن سعید ، یہ ایک serious Point of order ہے اور میں ہاتھ کھڑا کرکے آپ سے وقت مانگ رہی ہوں۔

Mr . Acting Chairman: May be serious point of order , but I cannot take it now

دیکھئے ایک سسٹم چل رہا ہے تو----

سینیٹر گلشن سعید ، میں نے شروع ہی میں point of order اٹھایا' اس وقت ہاتھ کھڑا کیا تھا۔

جناب قائم مقام چیئرمین، آپ کا letter مجھے بڑی دیر کے بعد ملا۔

سینیٹر گلشن سعید ، کچھ دیر کے بعد نہیں صبح سے ہی ملا ہوا ہے جب سے اجلاس

شروع ہوا'

جناب قائم مقام چیئرمین، اچھا' اب آپ بیٹھ جائیں please ' آپ سنیں۔

سینیٹر گلشن سعید : نہیں آپ ان کی تقریریں سنتے جا رہے ہیں۔

جناب قائم مقام چیئرمین،وہ تو سننی ہیں۔

سینیٹر گلشن سعید :یہ کوئی بات نہیں '

جناب قائم مقام چیئرمین، آپ بیٹھ جائیں۔ دیکھیئے آپ کی باری آئے گی۔

سینیٹر گلشن سعید ، آپ جب بھی آتے ہیں چیئرمین بن کر آپ اسی طرح میرے ساتھ کرتے ہیں-----

جناب قائم مقام چیئرمین : میں آدمی ہی بڑا برا ہوں۔ آپ بیٹھ جائیں۔

سینیٹر گلشن سعید ، میں آپ کی موجودگی میں ہاتھ ہی کھڑا نہ کیا کروں۔ میں آپ سے صاف بات کروں۔

جناب قائم مقام چیئرمین، چٹھی بھیج دیا کریں۔

سینیٹر گلشن سعید : یہ کوئی بات نہیں ۔

جناب قائم مقام چیئرمین: چٹھی بھیجا کریں۔ یہ آپ کی پڑی ہوئی ہے۔

سینیٹر سید مراد علی شاہ ، جناب چیئرمین ! شکریہ ' اس item پر بہت باتیں ہو چکی ہیں۔ ہم سب اس کی تائید کرتے ہیں۔ بلیدی صاحب نے کہا اور سب لوگوں نے کہا کہ عوام کو ٹرانسپورٹ سے بہت زیادہ تکلیف ہے۔ میں صرف نیشنل ہائی ویز کی بات کروں گا ۔ ہم پشاور سے اکثر آتے ہیں۔ اس میں سب سے بڑی بات یہ ہے کہ جرمانہ جو لیا جاتا ہے اس میں ان کا حصہ ہوتا ہے۔ اس لیے وہ ضرور کوشش کرتے ہیں یہ بڑا primitive method ہے کہ آپ اس میں سے ان کو percentage دیتے ہیں اس لیے اگر ٹھیک ہو یا غلط ہو ' وہ لوگوں کو ہزار روپے' سات سو ' آٹھ سو جرمانہ کرتے ہیں ۔ آج میں آ رہا تھا تو انہوں نے کہا کہ تم ۲۵ کلو میٹر زیادہ سپیڈ سے آئے ہو ' صرف ۲۵ کلو میٹر تو اس طرح وہ زیادہ پیسے لیتے ہیں تو ان کو incentive نہیں ہونا چاہیے '

تنخواہ ان کو دیں لیکن جرمانے میں ان کو حصہ دینا یہ بالکل غلط بات ہے۔

دوسری بات یہ ہے کہ ان کے جتنے point ہیں ان کے اوپر بجائے سویلین کے وردی میں فوجی رکھے ہوئے ہیں۔جس کی وجہ سے فوج کی بدنامی ہوتی ہے اور وہ لوگوں کو روکتے ہیں، وہاں کوئی لانس نائیک ہوتا ہے، کوئی حوالدار ہوتا ہے لیکن وہ وہاں اپنے آپ کو کمانڈر introduce کرتا ہے۔He is a commanderآپ کی طرح وہ کہتا ہے کہ میں کمانڈر ہوں----

جناب قائم مقام چیئرمین: میں نے تو نہیں کہا،

سینیٹر سید مراد علی شاہ: اچھا جی، وہ کمانڈر جو ہوتا ہے وہ لانس نائیک یا حوالدار ہوتا ہے اور اس کو بات کرنے کا طریقہ بھی نہیں آتا۔اس لیے میری گزارش ہے کہ اگر وہاں ضرور فوجیوں کو ہی employ کرنا ہے توکم از کم وردی میں نہیں ہونے چاہییں۔اس سے وردی کی سبکی ہوتی ہے اور لوگوں کو پھر وردی سے نفرت ہوتی ہے۔اس لیے اس معمولی کام کے اوپر وردی میں لوگ رکھنا یہ مناسب نہیں ہے۔شکریہ،

جناب قائم مقام چیئرمین: شکریہ، وہ ایک خاتون تھیں۔ آپ بولیں پلیز، اس کے بعدمیں آپ کو موقع دیتا ہوں۔

سینیٹر ڈاکٹر کوثر فردوس: جناب! پہلے تو میں ۱۸ ستمبر کی نوائے وقت اخبار میں ایک خبر آئی ہوئی ہے کہ نامعلوم خاتون ریلوے لائن کراس کرتے ہوئے گاڑی کے نیچے کچل گئی۔ لکھا ہوا ہے کہ جہلم کے نزدیک نئی منڈی مجاہدہ آباد کے نزدیک یہ ہوا ہے اور پہلے بھی خبریں آتی رہتی ہیں۔جناب! بہت ساری جگہیں ایسی ہیں جہاں ریلوے لائن کے sides پر پھاٹک نہیں بنے ہوئے اور لوگ وہاں سےکراس کرتے ہیں یا گاڑیاں ٹکراتی ہیں یا لوگ نیچے آتے ہیں اس کا ضرور کوئی انتظام ہونا چاہیے کہ ایسا سلسلہ نہ ہو، دوسری بات ---

جناب قائم مقام چیئرمین: جب آپ نے کہا کہ ریلوے والی گاڑی تھی یا دوسری گاڑی موٹر کار۔

سینیٹر ڈاکٹر کوثر فردوس: جناب ٹرین، ٹرین۔

جناب قائم مقام چیئرمین: اچھا ایک آدمی کو ٹرین ہی نظر نہیں آئی۔ اچھا بولیں۔

سینیٹر ڈاکٹر کوثر فردوس : اکثر گاڑیاں بھی لگتی ہیں۔ پہلے بھی ایسی خبریں تھیں۔ تو پھاٹک ضرور بننے چاہیئں۔ یہ بڑا اہم issue ہے۔ جناب! دوسری بات میں ویگن کے بارے میں کہنا چاہ رہی ہوں کہ خواتین کی نشستیں کہنے کو تو اگلی دو رکھی ہوتی ہیں لیکن اکثر وہ عورتوں کے لیے نہیں رہتی اور وہاں پر مرد بیٹھے ہوتے ہیں۔ تیسری بات کہ ویگنوں کے کرایے کس وقت کتنے بڑھ جاتے ہیں لوگوں کو کچھ اندازہ نہیں ہوتا، ویگنوں والے جو کہہ دیں وہی کرایہ ہوتا ہے۔ ان کے اوپر کوئی ایسا standard نہیں ہے کہ ایک سواری اس کو check کر سکے۔ جیسے پہلے بھی ایک فاضل رکن نے بات کی کہ ویگن میں گانے لگائے جاتے ہیں۔ جناب! انتہائی فحش قسم کی انڈین movies چلتی ہیں۔ جن کو بیٹھ کر دیکھنا مطلب، بہت ہی زیادہ تکلیف دہ صورت حال ہوتی ہے۔ اس پر ضرور کوئی کنٹرول کیا جانا چاہیے۔ پھر اس کے ساتھ پہلے جیسے انہوں نے کہا میں بھی اس کو endorse کروں گی کہ حادثات جتنے زیادہ ہوتے ہیں اس کی ذمہ داری کسی پر fix کی جائے اور ضروز اس ڈرائیور، ٹرانسپورٹر اور کمپنی مالکان کو پکڑا جائے اور ان کو سزا دی جائے یا جرمانہ کیا جائے۔ تو اس طرح حادثات کی شرح کم ہو سکے۔

جناب چیئرمین! ائرپورٹ پر جو صورتحال ہے اس میں اسلام آباد ائرپورٹ ایسا ہے جہاں پر حاجی بھی جاتے ہیں اور انٹرنیشنل فلائیٹس میں بھی جو لوگ جاتے اور آتے ہیں ان کے لواحقین اور رشتے دار اس ائرپورٹ کو استعمال کرتے ہیں۔ اس کا جو public toilet ہے وہ اتنا filthy ہے کہ کوئی اسے استعمال نہیں کر سکتا وہاں پر صفائی کا انتظام اتنا زیادہ خراب ہے۔ جناب ابھی جو ائرپورٹ ٹیکس domestic پہلے لیا جا رہا تھا اس میں کوئی ڈیڑھ دو سو کا اضافہ ہو رہا ہے۔ جو انٹرنیشنل ہے اس میں ہزار ڈیڑھ کے لگ بھگ اضافہ اگلی پہلی تاریخ سے ہو رہا ہے۔ لیکن خود اندر بھی پانی پینے کے لئے وہی دو disposable glass پڑے ہوتے ہیں جن کو دھو دھو کر ہم پانی پی رہے ہوتے ہیں۔ ایک چیز اور ہے کہ پی آئی اے میں ایسا کمپیوٹر سسٹم نصب ہوا ہے۔ ویسے تو ہم نے سنا ہے کہ کمپیوٹر بہت کچھ کرتا ہے لیکن وہ کہتے ہیں کہ ہمیں یہ نہیں پتہ چلتا کہ اس سیٹ پر خاتون بیٹھی ہوئی ہے، یا مرد بیٹھا ہوا ہے۔ جب ہم counter پر request کرتے ہیں کہ ہمیں کسی خاتون کے ساتھ seat دے دی جائے تو کہتے ہیں کہ کیبن میں جا کر بات

کریں۔ کیبن میں بات کریں تو وہاں پر ائرہوسٹس یا crew ہوتا ہے وہ بات کو کوئی weightage نہیں دیتا اور بہت ساری خواتین ایسی ہوتی ہیں جو مردوں کے ساتھ بیٹھنا چاہتیں ہیں۔ جو نہیں مائنڈ کرتی ان کے لئے ٹھیک ہے۔ لیکن جو مائنڈ کرتی ہیں ان کو بھی اس ملک میں اتنا ہی حق حاصل کہ کوئی ایسی چار لائنیں مختص کر دی جائیں جس پر جو خواتین یہ concern رکھتی ہیں وہ بیٹھ سکیں۔ ایک بات اور ہے کہ وہاں پر جو drinks دیئے جاتے ہیں وہ سارے کے سارے Multi National Companies کے ہوتے ہیں۔ کوئی ایک آدھ تو local drink یہاں پر رکھ لیا جائے کہ کچھ ہمارے ملک کو بھی فائدہ ہو جائے اور کچھ وہ لوگ جنہوں نے اس کا بائیکاٹ کیا ہوا ہے اور وہ استعمال نہیں کرتے وہ اس کو استعمال کر سکیں۔

جناب! پی آئی اے کی طرف سے ایک سرکلر یہ بھی ہوا ہے کہ کچھ ممالک میں وہ crew نہیں جا سکتا جن کی داڑھی ہے۔ یا جیسے پہلے ایک سرکلر یہ بھی آیا تھا کہ اپنے سروں پر ائرہوسٹس سکارف نہیں پہن سکتیں۔ جناب ! یہ بھی ایک تضحیک ہے ان لوگوں کی جو اسلامی شعائر پر عمل کرتے ہیں کہ ہم کچھ ممالک کے ڈر سے یا ان کو ایک protocol دینے کے لئے اپنے لوگوں کو پابند کر دیتے ہیں کہ وہ ان فلائٹس میں نہیں جائیں گے۔ جناب اس کے ساتھ ایک اور بات بھی ہے کہ خود اسلام آباد ائرپورٹ سے اسلام آباد آتے ہوئے سب نے observe کیا ہوگا کہ ویگنیں اور گاڑیاں بغیر بس سٹاپ کے ادھر ادھر رکتی ہیں اور کوئی پولیس والے نہیں ہوتے۔ بہت زیادہ رش اس جی ٹی روڈ پر ہوتا ہے جہاں ایک طرف راولپنڈی اور دوسری طرف اسلام آباد ہے نواز شریف پارک والی سڑک وہاں پر اکثر ٹریفک بلاک رہتی ہے اور بہت زیادہ heavy traffic ہوتا ہے۔ مگر نہ وہاں پر کوئی ٹریفک لائٹ ہیں اور نہ وہاں پولیس والے باقاعدگی سے کھڑے ہوتے ہیں جو اس کو کنٹرول کریں۔ جناب آخری بات یہ ہے کہ روزانہ یہاں پر وی آئی پی گاڑیاں جب گزرتی ہیں تو ٹریفک روک دی جاتی ہے اور وہ بہت پہلے روک دی جاتی ہے۔ پتہ نہیں وہ گاڑی ابھی کہاں ہوتی ہے جس نے چلنا ہوتا ہے اور نکلنا ہوتا ہے اس سے پندرہ بیس پچیس پچاس منٹ پہلے ٹریفک روک دی جاتی ہے۔ جناب! اس میں کوئی بیمار بھی ہوتا ہے، کوئی ڈاکٹر بھی ہوتا ہے، کوئی طالب علم امتحان دینے جا رہا ہوتا ہے تو اس کا بھی براہ مہربانی کوئی ضابطہ، کوئی اصول اس کا ہونا چاہیے ضرور ایک تحفظ ہو لیکن عوام کو اتنی تکلیف دے

کر نہیں ہونا چاہیے۔

جناب قائم مقام چیئرمین، شکریہ۔ نگہت آغا صاحبہ۔

سینیٹر ڈاکٹر نگہت آغا، شکریہ۔ جیسے معزز ممبران نے پہلے فرمایا کہ ladies کے لئے seats یا تو بہت کم ہیں یا ہیں ہی نہیں۔ پنجاب نے صرف ladies کے لئے بسیں چلانی شروع کی ہیں۔ جیسے کہ نوکری پر وہ جاتی ہیں یا واپس آتی ہیں تو درخواست یہ ہے کہ گرلز کے لئے ' اور میرے زمانے میں وہ تھا کہ گرلز کے لئے علیحدہ بسیں چلتی تھیں یہ گورنمنٹ ٹرانسپورٹ تھی۔ جس سے ہمیں بڑی آسانی ہوتی تھی۔ تو درخواست یہ ہے کہ گورنمنٹ کو دوبارہ شروع کرنی چاہیے۔ پنجاب نے جو شروع کیا کہ ladies کے لئے experimental basis پر چلائی ہیں اس کو عام کریں تاکہ ہر عورت اس کا فائدہ اٹھا سکے اور یہ ان کو زیادہ نہیں چلانی پڑیں گی کیونکہ جب نوکری کے لئے جاتی ہیں یا سکول جاتی ہیں تو اس وقت زیادہ ضرورت ہوتی ہے۔ جب وہ واپس آتی ہیں اس وقت زیادہ ضرورت ہوتی ہے۔ ایک اور چیز مجھے نہیں سمجھ آتی کہ permit کیسے دیئے جاتے ہیں ۔permits جاری کیسے ہو جاتے ہیں جبکہ وہ اپنے promises پورے نہیں کرتے۔ میں واران کی مثال لے رہی ہوں۔ واران نے شروع میں promise کیا تھا جس نے about 20 to 30 thousand people jobless کر دیئے تھے۔ انہوں نے promise کیا تھا کہ پانچ سو بسیں چلائیں گے یہ کریں گے اور وہ کریں گے لیکن تین سو بسیں وہ چلا رہے ہیں اور وہ بھی بڑی مہنگی ہیں۔ انہوں نے بہت سے لوگوں کو بے روزگار کر دیا ہے۔ شروع میں جب ہم نے بحث کی تھی تو اس سے کچھ فرق پڑا تھا لیکن ابھی اتنا فرق نہیں پڑا۔

نمبر۱۔ وہ پرمٹ کیسے دیئے گئے۔

نمبر۲ ۔ وہاں سے بس سٹینڈ ہٹایا جا رہا تھا یہ گورنمنٹ ٹرانسپورٹ تھی اس لئے ہٹایا جا رہا تھا کہ وہاں پر congestion بہت ہو رہی ہے تو کس سلسلے میں اسی جگہ پر دوبارہ واران کو سٹینڈ دیا گیا ہے۔ یعنی جو سستی بسیں تھیں ہٹائی گئی ہیں کہ congestion نہ ہو۔ وہاں پر مہنگی بسوں کو جگہ دے دی گئی ہے ۔

نمبر۳۔ ٹرانسپورٹ کا، یعنی ہماری گورنمنٹ کو پیسہ چاہیے اور وہ shares بیچ رہی ہے یہ

جہاں پر واران کو دیا گیا ہے یہ کروڑوں کی زمین ہے اور ان کو چند سو' یا چند ہزار کے اوپر کرایہ پر دیا گیا ہے۔ on what bases, for public walfare یا کس بنیاد پر۔ اسی طرح کے اور بہت سے cases ہیں میں سارے سامنے نہیں لانا چاہتی۔ براہ مہربانی اس کو کمیٹی کو بھیجا جائے اور ساری investigation کی جائے کہ کیسے یہ چیزیں ہو رہی ہیں۔

جناب قائم مقام چیئرمین: جی کامل علی آغا صاحب۔

سینیٹر سید ہدایت اللہ شاہ: جناب چیئرمین! یہاں پر وزیر صاحب موجود ہیں یا نہیں ہیں۔

جناب قائم مقام چیئرمین: آپ فکر نہ کریں کوئی نہ کوئی جواب دے دے گا۔ یہ دیکھیں آپ یہ وزیر نہیں بلکہ وزیر باتدبیر بیٹھے ہیں۔

سینیٹر کامل علی آغا: لیڈر آف دی ہاؤس موجود ہیں اور اس پر انہوں نے سیر حاصل تقریر بھی کی ہے۔ میرے خیال میں' میں یہ سمجھتا ہوں کہ یہ بڑا اہم ایشو ہے اور public کے interest میں ہے کہ اس پر جو بحث ہوئی ہے اس پر مزید اس بات کو آگے چلایا جائے اور جو proposals محترم قائد ایوان صاحب نے پیش کی ہیں یہ اگر کمیٹی کے سپرد کر دیا جائے تو اس میں بہت سی باتیں ہیں۔ میں سمجھتا ہوں کہ اس میں پنڈی اور اسلام آباد کا بہت بڑا issue ہے۔ عوام بہت پریشان ہے۔ ایک کمپنی کو monopoly دے دی گئی ہے اس کی وجہ سے مختلف روٹس پر جو ویگنیں چل رہی تھیں ان پر پابندی لگا دی گئی ہے۔ عوام بہت پریشان ہے اور اس مسئلے کا حل بھی اس میں ہونا چاہیے۔ ایک کمپنی کو اتنی اہمیت دی گئی کہ اس کو سرکاری اڈہ بھی دے دیا گیا۔ اس کو یہ اختیار بھی دے دیا کہ اس کے علاوہ کوئی دوسری کمپنی چل ہی نہیں سکتی۔ لاہور کے اندر چھ پرائیویٹ کمپنیاں ہیں اور وہ فرنچائز سسٹم کے اوپر سارا نظام چل رہا ہے۔ اچھی بات ہے پرائیویٹ لوگوں کو اس میں آنا چاہیے لیکن پبلک کا interest یہ ہے کہ بہت سارے لوگ اس competition میں شامل ہوں اور ٹرانسپورٹ کا مسئلہ حل ہو۔ اس کے ساتھ ساتھ یہ جو تجاویز وسیم سجاد صاحب کی طرف سے آئی ہیں کہ insurance کا جو سسٹم ہے اس کو بہتر کیا جائے اس کے لئے میرا خیال ہے کہ اس کو کمیٹی کے سپرد کریں تاکہ اس معاملے کو ایک

بڑا comprehensive قسم کی پالیسی بنا کر ہاؤس کے اندر discussion کے لئے پیش ہو اور اس پر پھر بحث ہو اور اس کو زیر غور لا کر بہتری لا کر ایک مکمل package گورنمنٹ کو تجویز کیا جائے یہ میری گزارش ہے اس میں اگر آپ بہتر سمجھتے ہیں۔

جناب قائم مقام چیئرمین: میں ابھی لیڈر آف دی ہاؤس سے بات کرتا ہوں۔ یہ actually کمیٹی کی بات نہ صرف آغا صاحب نے کی ہے بلکہ کئی اور حضرات و خواتین نے بھی کی ہے

and it seems to me they have genuine problem, particularly, in Islamabad and I think we should send it to the Committeee.

سینیٹر وسیم سجاد: جناب! ویسے تو کمیٹی کو خود اختیار ہے لیکن اگر جناب حکم بھی کردیں تو اور بہتر ہو جائے گا۔ کمیٹی کو اختیار ہے کہ از خود اس معاملے کو take up کرکے اس پر----

Mr. Acting Chairman: The concerned committee.

سینیٹر وسیم سجاد: concerned committee کونسی ہوگی؟ آغا صاحب سے پوچھ لیں۔

جناب قائم مقام چیئرمین: ان کی اپنی ہی ہے۔

سینیٹر وسیم سجاد: تو پھر ٹھیک ہے۔

Mr. Acting Chairman: Agha Sahib, you have the committee and you are the Chairman. So, why don't you take it up?

Senator Kamil Ali Agha: Does it relate to the Communications?

جناب قائم مقام چیئرمین: Yes, communications. آپ کریں۔ لوگوں کو بلا کر boost up کریں۔

سینیٹر کامل علی آغا: میں عرض کروں گا کہ پچھلے دور کے اندر بھنڈر صاحب نے

اس پر بڑا کام کیا ہوا ہے ۔ اگر آپ یہ اجازت دیں گے ۔

جناب قائم مقام چیئرمین، آپ کوئی بھی guest بلا سکتے ہیں ۔

And he will not be able to vote but he can give his suggestion.

سینیٹر وسیم سجاد: میرا خیال ہے آغا صاحب کی کامرس کی کمیٹی ہے ؟

جناب قائم مقام چیئرمین: Communications کی ہے ۔

سینیٹر وسیم سجاد: ٹھیک ہے ۔ دیکھ لیں ۔ اس میں بہت سے مسائل ہیں انشورنس اور دوسری چیزوں کے بارے میں ہیں ۔

جناب قائم مقام چیئرمین: وہ لوگوں کو بلائیں گے ۔

سینیٹر وسیم سجاد: بلائیں ۔

Mr. Acting Chairman: It has to be expanded.

آپ ان لوگوں کو بلالیں ۔ Interior سے بلالیں کہ لائسنس یہ دیتے ہیں ۔

سینیٹر وسیم سجاد: ٹھیک ہے جی کوئی بات نہیں ۔

سینیٹر چوہدری محمد انور بھنڈر: جناب والا! خاص کر یہاں اسلام آباد کی ٹرانسپورٹ کا مسئلہ ہے ۔ میں صرف عرض کرتا چلا جاؤں کہ جو آغا صاحب نے فرمایا ہے ۔ پہلے ہم نے ایک بڑی comprehensive report تیار کی تھی ۔ اس سے بھی استفادہ کیا جائے۔ اور بھی بہت سے issues ہیں تو ان ساروں کو دیکھ کر کمیٹی مفصل رپورٹ تیار کرے۔

جناب قائم مقام چیئرمین، ڈاکٹر ساجد ۔

سینیٹر ڈاکٹر محمد ساجد: بہت شکریہ جناب چیئرمین! جو باتیں ہو چکی ہیں میں ان کو repeat کرنا نہیں چاہتا ۔

I would like to draw your attention to a very important aspect of the public transport systems.

جناب پاکستان واحد ترقی پذیر ملک ہے جس کا public transport is in complete

اس ملک کی بسوں کو دیکھیں جناب ، ہمارے ملک کی بسوں کے رنگ و روغن کو shambles.

دیکھیں ، ان کی seating arrangements کو دیکھیں ، یہاں پر over-crowding کو دیکھیں ،

and you will agree with me, sir, that public transport is a great shame, is a great disgrace in our country.

اور پھر جو باہر ممالک کے لوگ یہاں آتے ہیں وہ جب ہماری ٹرانسپورٹ کو دیکھتے ہیں

What opinion they would form.

دوسری بات جو میں عرض کرنا چاہتا ہوں کہ اس صورتحال کی پوری ذمہ داری حکومت کے اوپر ہے ۔ why can't we have, sir?. میں چھوٹی چھوٹی باتوں کا ذکر نہیں کرنا چاہتا ۔

why can't we think of planning an underground transport system? Why we can't think of a tube rail as in UK?

Why can't we think of a tramservice? Why we can't think of a mass transportation system in this country?

اور اس کی ایک وجہ ہے اس لئے ہمارے planners ان lines کے اوپر نہیں سوچ رہے ہیں

that there is a strong lobby of car manufacturers in this country. They would not like to have a mass transportation in this system.

اس لئے کہ یہاں پر public mass transportation system ہو گا

their car manufacturing industry will be very badly affected. I can assure you, sir that even if you were travelling from Peshawar to Rawalpindi, if there was a decent transport system you will not use your own cars.

تو میری گزارش یہ ہے کہ یہ ذمہ داری حکومت کی ہے اور حکومت کا اس میں بہت بڑا ہاتھ ہے

and it is time that we should change our policy from the patronization of car manufacturing to a public transport system. Thank you very much.

Mr. Acting Chairman: I am requesting the House to disrupt

these proceedings for about five minutes to give chance to Gulshan Saeed Sahiba because she is a lady and she is still upset. Gulshan Saeed Sahiba.

سینیٹر گلشن سعید: جناب والا! میرے ایک معمولی point of order میں کوئی ایسی بات نہیں تھی جس کو یہ کہا جائے کہ میں نے آج پتا نہیں کیا تقریر کرنی ہے کہ مجھے روکا جا رہا ہے اور پتا نہیں کیا بات ہے۔

جناب قائم مقام چیئرمین: یہاں پر آپ کو یا کسی کو بھی نہیں روکا جاتا۔ ایک سلسلہ جو چل رہا ہوتا ہے ---

سینیٹر گلشن سعید: آج تو دن ہی points of order کا تھا۔ میں پھر اسی point پر آؤں گی کہ شروع میں ہی میں نے ہاتھ کھڑا کیا تھا مجھے آپ کو اجازت دینی چاہیے تھی۔

جناب قائم مقام چیئرمین: ساری proceeding بند کر کے آپ کو chance دیا ہے کہ آپ star بن جائیں، بولیں۔

سینیٹر گلشن سعید: میں star نہیں ہوں، جو star ہیں وہ آپ کو نظر آ رہے ہیں مگر بات یہ ہے کہ relevant بات کرنی ہوتی ہے میں اس ایوان کی ممبر ہوں مجھے پورا حق پہنچتا ہے کہ میں آپ سے اجازت لوں اور میں نے بڑی دفعہ آپ سے اجازت لینے کی کوشش کی ہے اور بات بھی کرنے کی کوشش کی ہے eventually مجھے جانا پڑا، آپ کی ساری توجہ آج کل اپوزیشن پر ہے تو اس کا مطلب یہ نہیں ہے کہ میں خاموشی سے یہ دیکھتی رہوں کہ آپ ایک ممبر کو بھی اجازت نہ دیں، ان کو بھی ضرور دیں، وہ بھی ممبر ہیں وہ equally ہمارے ساتھی ہیں۔

Mr. Acting Chairman: Your point is noted. Now, please proceed with your point of order.

## POINT OF ORDER

## RE: POLICE ACCESSES UPON WOMEN IN PARTICULAR AND PUBLIC IN GENERAL.

سینیٹر گلشن سعید: جناب چیئرمین! کل میں نے جو نظارہ دیکھا ہے وہ میں آپ کو

بنانا چاہتی ہوں کہ میں نے پولیس والوں کو دو عورتوں کو بالوں سے گھسیٹتے ہوئے، جنہوں نے ایسے بہتر کپڑے پہنے ہوئے تھے کہ وہ پڑھی لکھی عورتیں لگ رہی تھیں اور ان کو گھسیٹتے ہوئے، ڈنڈے مارتے ہوئے لے کر جا رہے تھے، میرا خیال ہے کہ ہمارے لیے اور ساری قوم کے لیے شرم کا باعث ہے کہ پارلیمنٹ میں ہم خواتین بیٹھی ہوئی ہیں اور اب بھی پولیس خواتین پر اتنا ظلم کر رہی ہے اور وہ واقعہ دیکھنے کے بعد میں ساری رات نہیں سو سکی۔ اس برے طریقے سے وہ ڈنڈے مار رہے تھے اور بالوں سے گھسیٹ رہے تھے۔ اس کے بعد کل صبح کے اخبار میں میں نے جو دو خبریں پڑھیں وہ یہ تھیں ایک پچھتر سال کے بوڑھے آدمی کے کپڑے اتروا کر پولیس نے اتنا تشدد کیا ہے کہ وہ مر گیا ہے اور سڑکوں پر اس کو گھسیٹا ہے اور ایک جوان لڑکا جس کو زہر دیا گیا تھا اس کی لاش کو انہوں نے، اس کے ماں باپ سے زبردستی چھین کر دفنا دیا ہے۔ میں یہ پوچھنا چاہتی ہوں کہ ہم خواتین کے حوالے سے ہر وقت یہ چاہتے ہیں کہ خواتین کو نمائندگی ملے، خواتین کو چادر اور چاردیواری کا تحفظ ملے، خواتین کے لیے ہم ہر وقت کوشاں ہیں کہ ان کو تعلیم، صحت اور domestic violence سے بچایا جائے۔ ان کی بہتری کے لیے قوانین بنائے جائیں تو کیا یہ پولیس قانون سے بالاتر ہے کہ ٹی وی پر دکھایا جا رہا ہے ساری دنیا نے وہ scene دیکھا ہوگا کہ ہماری پاکستانی خواتین کو بالوں سے گھسیٹ کر ڈنڈے مارے جاتے ہیں۔ آپ اس کا نوٹس لیں اور وزارت داخلہ کے نئے Minister of State ہمارے سامنے بیٹھے ہیں، ان سے کہیں کہ "جیو" سے اس کی رپورٹ لے کر ان پولیس افسروں کو جو خواتین کو ڈنڈے مار رہے تھے ان کو suspend کرایا جائے اور رپورٹ کمیٹی میں جائے یا جس طرح بھی آپ کرنا چاہتے ہیں، آپ کریں۔ ابھی پولیس کی کرپشن کی بات جو ہمارے سارے بھائی سنا رہے تھے ٹرانسپورٹ کے حوالے سے، یہ بھی پولیس کا کام ہے تو کیا ہماری پولیس ہر چیز سے بالاتر ہوگئی ہے کہ جس کو چاہے وہ بند کر کے مارے، بوڑھے آدمیوں پر اتنا ظلم کرے، عورتوں پر ظلم کرے یہ ساری باتیں ہیں۔ میں یہ بات کرنے کے لیے بڑی بے چین تھی کیونکہ میں سمجھتی ہوں کہ میں عورت ہوں اور عورتوں کی نمائندگی یہاں کر رہی ہوں۔ میرا اور کوئی کام نہیں ہے سوائے یہ آواز اٹھانے کے اور مجھے اس کا result چاہیے اور شہزاد وسیم صاحب وزیر مملکت سے میری یہ درخواست ہے کہ ان کو ایسی سزا دینی چاہیے کہ آئندہ کسی پولیس

والے کو کسی عورت پر ہاتھ اٹھانے کی جرات نہ ہو۔ شکریہ۔

جناب قائم مقام چیئرمین، شکریہ، اب آپ نے دیکھا کہ ساری اپوزیشن تو آپ کے ساتھ ہے۔ شہزاد وسیم صاحب آپ کچھ بولیں گے؟۔

سینیٹر ڈاکٹر شہزاد وسیم، جناب یہ incident کچھ عرصہ پہلے ہوا تھا اور میں نے بھی "جیو ٹی وی" پر دیکھا تھا اور کل پھر repeat ہوا۔ اس میں کوئی شک نہیں کہ یہ نہایت deplorable incident ہے۔ جہاں تک خواتین کی عزت کا معاملہ ہے تو ہم سب انسان ہیں، ہم سب یہ جذبات رکھتے ہیں اور میں ان کو یہ assure کرتا ہوں کہ اس سے پہلے بھی اگر آپ ہمارا ذاتی طور پر بھی ریکارڈ دیکھیں کہ ہم نے ہمیشہ خود خواتین کے حقوق کی بات کی ہے۔ جہاں تک اس incident کا تعلق ہے تو آپ کے علم میں ہوگا جو کراچی سٹی پولیس کے تحت ہوا، میں ان کو assure کرتا ہوں کہ جو متعلقہ صوبائی حکومت ہے اور جو home department ہے اس سے اس واقعہ کی پوری رپورٹ منگوائی جائے گی اور جو افسران اس میں ملوث ہیں ان کو قرار واقعی سزا دی جائے گی تا کہ آئندہ کسی میں ایسی جرأت نہ ہو کہ وہ مظلوموں یا خواتین پر ہاتھ اٹھا سکے۔

## MOTION RE:FURTHER DISCUSSION ON TRANSPORT SYSTEM.

جناب قائم مقام چیئرمین، شکریہ، do you want to carry on morediscussion on this particular subject. Farhat Ullah Babar.

سینیٹر فرحت اللہ بابر:۔ شکریہ جناب چیئرمین! ٹرانسپورٹ کے حوالے سے میں آپ کی توجہ دلانا چاہتا ہوں۔ میں آپ کی توجہ ایک بات کی طرف دلانا چاہتا ہوں کہ اگر آپ National Highway پر سفر کریں تو ہر تیس، چالیس یا پچاس کلومیٹر کے بعد ایک Toll Plaza آتا ہے جس پر ہر گاڑی کو toll tax دینا پڑتا ہے۔ یہاں سے پشاور جاتے ہوئے کم از کم تین toll plazas ہیں اور خواہ public transport ہو یا private transport ہو ہر ایک کو toll tax دینا پڑتا ہے۔ سرکاری گاڑیاں اس سے مستثنیٰ ہیں، یہ ٹھیک ہے کہ ان کو مستثنیٰ قرار دیا گیا ہے لیکن جناب چیئرمین! کچھ ایسے بھی لوگ ہیں جو private گاڑی میں سفر کرتے ہیں لیکن ان

کو بھی مستثنیٰ کیا ہوا ہے۔ آپ اگر private گاڑی میں سفر کر رہے ہوں جناب چیئرمین! تو آپ کو toll Plaza پر toll tax دینا پڑے گا۔ سرکاری گاڑی میں آپ travel کریں یا کوئی اور بھی سرکاری گاڑی میں travel کرے تو tax نہیں دینا پڑتا لیکن یہ عجیب بات ہے کہ ایک مخصوص طبقے کو، ایک خاص group کو private گاڑی میں بھی travel کرتے ہوئے toll tax سے exemption ہے۔ یہ مسئلہ ایوان میں پہلے بھی اٹھایا گیا تھا اس وقت احمد علی صاحب وزیر Communication تھے۔ احمد علی صاحب اس وقت بات چیت میں مصروف ہیں۔

جناب قائم مقام چیئرمین: احمد علی صاحب! آپ کی بات ہو رہی ہے، آپ سنیں۔

سینیٹر فرحت اللہ بابر: احمد علی صاحب اس وقت وزیر تھے اور یہ مسئلہ اٹھایا گیا اور یہ جو exemption بعض لوگوں کو دی گئی ہے، اس سے ایک resentment generate ہوتی ہے اور ملک کے تمام طبقوں کو اس development activity میں حصہ لینا چاہیے۔ Toll Plaza پر toll tax دینا چاہیے۔ احمد علی صاحب وزیر تھے، انہوں نے یہاں floor of the House پر کہا کہ مجھے اس بات کا احساس ہے اور ہم یقیناً یہ استثنیٰ جن لوگوں دیا گیا ہے وہ واپس لیں گے۔ اس بات کو 8 مہینے ہو گئے ہیں، ابھی تک کچھ نہیں ہوا۔ میری آپ سے گزارش ہے کہ جو کمیٹی بنا رہے ہیں وہ اس issue کو بھی take up کرے کہ toll tax سب دیں۔ قومی ترقی میں سب حصہ لیں اور اس resentment کا بھی سدباب ہو کیونکہ یہ civil society کے وقار کے منافی ہے کہ آپ بغیر کسی جواز کے کچھ لوگوں کو استثنیٰ دیں۔

جناب قائم مقام چیئرمین: شکریہ۔ رزینہ عالم صاحبہ۔

سینیٹر رزینہ عالم خان: جناب چیئرمین صاحب! Transport کے حوالے سے بہت کچھ کہا جا چکا ہے۔ میں صرف دو باتیں آپ کے اور House کے knowledge میں لانا چاہتی ہوں۔ ایک تو یہ ہے کہ public transport کی buses ہیں ان کی چھتوں پر مسافر بیٹھتے ہیں اور ان سے ٹکٹ بھی پورا لیا جاتا ہے۔ میری یہ گزارش ہے کہ کوئی ایسا قانون ہو یا اس پر پابندی ہو کہ مسافروں کو چھتوں پر بیٹھنے کی اجازت نہ دی جائے اور اس کے متبادل بسیں چلائی جائیں خاص طور پر ان موقعوں پر جیسے week end ہے یا عید سے پہلے مسافروں کو جانا ہوتا ہے۔ چھتوں پر

بیٹھنا ایک تو خطرناک ہے اور یہ ویسے بھی بڑا غیر مناسب لگتا ہے۔ دوسری بات جناب میں یہ کہنا چاہتی ہوں کہ mobile phone کا استعمال Driver کے لیے منع ہونا چاہیے اور اس قانون کی پابندی کرانی چاہیے کیونکہ اکثر دیکھا گیا ہے کہ بسیں چلاتے وقت جب وہ mobile استعمال کرتے ہیں تو accident کے ہونے کا بہت خطرہ ہوتا ہے شکریہ۔ سعدیہ عباسی صاحبہ۔

(اس موقع پر جناب احمد علی کرسی صدارت پر متمکن ہوئے)

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: آپ لوگوں کا بہت شکریہ کہ جب بھی میں آتا ہوں آپ اس طرح تالیوں سے استقبال کرتے ہیں۔

سینیٹر وسیم سجاد: جناب وقت کافی ہو گیا ہے میرا خیال ہے کہ اب اگر adjourn کر دیا جائے۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: نہیں میرا خیال ہے کہ ابھی سعدیہ عباسی صاحبہ نے بولنا ہے۔

سینیٹر وسیم سجاد: اس کے بعد جناب پروفیسر خورشید صاحب کی جو تعزیتی resolution ہے اسے لے لیا جائے تاکہ اس کو پاس کر دیا جائے۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: ٹھیک ہے۔ جی سعدیہ صاحبہ آپ بولیں۔

سینیٹر سعدیہ عباسی: جناب! میں transport کے مسئلہ پر بات نہیں کرنا چاہتی، میرا point of order ہے۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: میرا خیال ہے پہلے ڈاکٹر صاحب کا تھا، آپ ڈاکٹر صاحب بولیں، جی آپ بولیں۔

Senator Dr. Muhammad Akbar Khawaja: Mr. Chairman, this morning, this afternoon, we have been talking about rule of law, accountability, transparency and the different rules at the toll plazas and through laws with tinted glass and soon. I think, basically we have been talking about the governance issues and this regime has been claiming

that they have been practising.

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: آپ point of order پر بات کر رہے ہیں، آپ تو پوری تقریر کر رہے ہیں۔

Senator Dr. Muhammad Akbar Khawaja: Yes, Mr. Chairman, on the governance issues, this is very important. Mr. Chairman! we are really disappointed and some of others are very angry that in the name of the accountability human rights are being massively violated and this regime is bringing fears, fears of poverty, fears of unemployment, fears of violence, fears of lack of security. Mr. Chairman...

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: میں نے ان کو کہا ہے کہ آپ point of order پر بات کریں۔ آپ تو پوری تقریر کر رہے ہیں۔ جی ہاں، ڈاکٹر صاحب! میں نے ان سے کہا ہے، میں ان سے یہی کہہ رہا ہوں۔

Senator Dr. Muhammad Akbar Khawaja: Honourable Minister! do not interrupt me please.

Dr. Sher Afgan Khan Niazi: No, no, this is my right, I am objecting, what the issue is.

Senator Dr. Muhammad Akbar Khawaja: You cannot interrupt me.

Dr. Sher Afgan Khan Niazi: That any business is on going, you just ask public transport.

Senator Dr. Muhammad Akbar Khawaja: Mr. Chairman! you have permitted me and please ask him to sit down.

*(Interruption)*

Dr. Sher Afgan Khan Niazi: Is there any fault in the public transport.

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: یہ public transport point of order سے نہیں ہے، point of order کچھ اور ہے جو point of order انہوں نے لکھوایا ہوا ہے۔

Senator Dr. Muhammad Akbar Khawaja: I am not speaking on public transport, I am speaking on the claim of the good governance. Mr. Chairman! please, advise him to sit down.

ڈاکٹر شیر افگن خان نیازی: پروفیسر صاحب کی very important thing, اس کو آپ لیں، اس کے بعد اگر کوئی point of order ہے تو کل اٹھا لیں۔

Senator Dr. Muhammad Akbar Khawaja: Mr. Chairman! it is very important point of order.

ڈاکٹر شیر افگن خان نیازی: یہ پروفیسر صاحب کی resolution ہے۔ جناب چیئرمین---

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: آپ ایک منٹ بیٹھ جائیں، نہیں میں نے ان کو floor دیا ہوا ہے، please ان کو بات کرنے دیں۔ جی آپ point of order پر بات کر رہے تھے۔

Senator Dr. Muhammad Akbar Khawaja: Yes, this regime has been claiming that they have been practising good governance. Let us take some examples, three Prime Ministers change powers even...

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: یہ point of order آپ کا نہیں ہے۔

Senator Dr. Muhammad Akbar Khawaja: Mr. Chairman! it is point of order, let me complete my sentence.

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: آپ یہ بتائیں کہ آپ کا کیا point of order ہے؟

Senator Dr. Muhammad Akbar Khawaja: Good governance claims.

جناب پریذائیڈنگ آفیسر، Good governance پر point of order ہے۔

Senator Dr. Muhammad Akbar Khawaja: Let me give you one example. It just relates to this House, three Prime Ministers change their guards even after 18 months we do not have a leader of the Opposition. Is that good governance? We were talking about the accountability, the Chairman NAB, the qualification of the Chairman NAB, he has to be atleast a qualified judge with, atleast 15 years standing at the bar or High Court Judge. I am just giving an example of the rule of law, accountability and transparency Mr. Chairman! I think, kindly advise the honourable Minister to please listen, I want to give....

جناب پریذائیڈنگ آفیسر، دیکھیں! میں آپ کو point of order پر ایک دو منٹ دے سکتا ہوں، آپ point پر بات کریں، آپ تو پوری تقریر کر رہے ہیں، دیکھیں یہ بھی درست نہیں ہے۔

Senator Dr. Muhammad Akbar Khawaja: What do you mean, the governance is not a point?

جناب پریذائیڈنگ آفیسر، آپ یہ کہیں گے کہ میں اس پر بات کرنا چاہ رہا ہوں، اس point پر بات کرنا چاہ رہا ہوں۔

Senator Dr. Muhammad Akbar Khawaja: Mr. Chairman! I am coming to that point, the real problem is that a hybrid system democracy in dictatorship has been imposed upon us, we have a self-appointed President, we have an unelected President. Governance

starts from the top and rule of law is not being followed at the top Mr. Chairman! I think, if you would allow me, I could continue.

Mr. Presiding Officer: I am allowing you

آپ نے پانچ منٹ بول لیا ہے، ابھی تک آپ point پر نہیں آئے ہیں کہ آپ کا point کیا ہے؟

Senator Dr. Muhammad Akbar Khawaja: The point is governance issue. Mr. Cahairman! I want atleast five to seven minutes. May I continue?

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: میں نے آپ کو chance دیا، آپ کو کہا کہ point order پر بات کریں، آپ point of order کی طرف ابھی تک نہیں آئے ہیں، آپ نے governance پر پندرہ منٹ اس پر تقریر کر لی ہے۔

Senator Dr. Muhammad Akbar Khawaja: You just correct me means, claim on the good governance, is a good point or not?

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: دیکھیں! ان points of order کا ویسے بھی time نہیں ہے، ہم کچھ اور discuss کر رہے تھے، بیچ سے میں نے آپ کو time دیا ہے کہ آپ کا نام لکھا ہوا ہے۔

Senator Dr. Muhammad Akbar Khawaja: Alright, could you make sure that I get the time tomorrow.

Mr. Presidng Officer: Yes, we will give the time tomorrow.

Senator Dr. Muhammad Akbar Khawaja: O.K. thank you.

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: آپ بیٹھ جائیں۔ سعدیہ عباسی صاحبہ۔

سینیٹر سعدیہ عباسی: دو تین دن پہلے Ministry of Local Government and Rural Development کے Minister سے سوال کیا گیا تھا کہ کیا funds release ہوئے

ہیں یا نہیں ہوئے ہیں ۔ I just want to thank the Minister Mr. Abdul Razzaq Thahim that he was most gracious and most kind. انہوں نے خود ہی لا کر میرے جو funds release ہوئے ہیں اس کا letter دیا ہے ۔ I jsut want to thank him, he is very prompt. اور بڑی effeciently ہر چیز handle کی گئی ہے ۔ So, I would like to thank you.

(Thumping of desks)

**جناب پریزائیڈنگ آفیسر:** جی ہدایت اللہ صاحب! آپ بولیئے۔

**سینیٹر سید ہدایت اللہ شاہ:** جناب چیئرمین صاحب! میں صرف یہ بات عرض کرنا چاہتا ہوں کہ جب سینیٹ کا اجلاس شروع ہوا تھا تو ہمارے وزیر داخلہ صاحب نے یہ ارشاد فرمایا تھا کہ وانا میں جو بھی آدمی جانا چاہے، خواہ وہ صحافی، وکلاء، Senators یا قومی اسمبلی کے ممبر ہوں، ان کو وانا میں جانے کی کھلی اجازت ہو گی اور وہاں جا کر تحقیق کرنے اور حالات دیکھنے کی کھلی اجازت ہو گی لیکن افسوس ہے کہ ہمارے پشاور کے وکلاء کا ایک وفد وہاں گیا اور اسے چوکی پر روک دیا گیا، انہیں تین چار گھنٹے بٹھایا گیا اور اس کے بعد ان کو واپس بھیج دیا گیا۔ میں یہ سمجھتا ہوں کہ وزیر داخلہ صاحب اس کی وضاحت کریں کہ چند روز پہلے انہوں نے یہاں وعدہ کیا تھا اور اس کی خلاف ورزی خود حکومت نے کی۔ ہم یہ سمجھتے ہیں کہ وہاں بیوروکریسی یا کوئی ایسی طاقت ہے جو قبائل اور حکومت کے درمیان دوری پیدا کر رہی ہے۔

**جناب پریزائیڈنگ آفیسر:** جی آپ کی بات note کی گئی ہے۔

(اس موقع پر جناب قائم مقام چیئرمین (جناب خلیل الرحمن) کرسی صدارت پر متمکن ہوئے)

**جناب قائم مقام چیئرمین:** رضا صاحب! آپ تو اس کے initiator ہیں اور آپ بول چکے ہیں۔

**سینیٹر رضا محمد رضا:** جناب! میں ایک بات کرنا چاہتا ہوں۔

**جناب قائم مقام چیئرمین:** بولیں، ایک بات کریں۔

**سینیٹر رضا محمد رضا:** جناب چیئرمین! میرا عرض کرنے کا مقصد یہ تھا کہ public

transport کے حوالے سے جو ہمارے عوام کو مسائل درپیش ہیں وہ ہمارے اس ایوان میں زیر بحث آئے ہیں اور اس پر کچھ فیصلے بھی ہو جائیں۔ اس میں بطور خاص یہ بات ہے کہ transport کے شعبے میں بہت خطرناک اجارہ داری بن گئی ہے اور جو اس کو balance کرنے کا نظام تھا یعنی Government Transport Service ‘ GTS یہ ہمارے عوام کے لئے ایک واحد وسیلہ تھا جو کہ ختم کر دیا گیا۔ اب VARAN جیسے گروپوں کے تسلط سے بہت پریشانیاں ہیں۔ میں مشکور ہوں کہ ایوان کی دونوں سمتوں سے بشمول قائد ایوان بڑی کارآمد اور اہم تجاویز دی گئیں اور انہیں کمیٹی کے حوالے کیا گیا۔ میں چونکہ اس کا mover ہوں اور مجھے امید ہے کہ کمیٹی والے مجھے بلائیں گے اور میں تجاویز پیش کروں گا۔

جناب قائم مقام چیئرمین: بالکل، آپ کے بغیر تو یہ چل ہی نہیں سکتی۔ جی سانکزئی صاحب، related ہے؟

سینیٹر ڈاکٹر عزیز اللہ سانکزئی: جی ہاں بالکل۔ شکریہ جناب چیئرمین کہ آپ نے مجھے وقت دیا۔ Transport کے متعلق ساتھیوں نے بہت اچھا کہا۔ اس میں ایک مسئلہ رہ گیا۔ چونکہ میرا تعلق بلوچستان سے ہے اور شاید یہ بات ہاؤس کے لئے نئی ہو کہ بلوچستان میں ابھی تک بسوں اور ویگنوں میں فرنٹ اور بعد کی سیٹوں کا چکر ہے، جو پہلی سیٹیں ہیں ان کا کرایہ double ہے اور جو چار یا چھ سیٹوں کے بعد ہیں ان کا کرایہ normal ہے۔ اس کی مثال یہ ہے کہ جیسے کسی route کا کرایہ 15 روپے ہے تو پہلے چار سے چھ نمبر تک جو بھی لوگ بیٹھیں گے وہ 30 روپے دیں گے۔ میرے علم کے مطابق یہ پورے پاکستان میں کہیں نہیں ہے مگر یہ بلوچستان میں ہے۔ عزت مآب میں آپ کو کیا بتاؤں میں نے تو National Highway یہاں آ کر دیکھی ہے اور موٹر وے بھی یہیں دیکھی ہے، ہمارے ہاں National Highway اور موٹر وے کا تصور نہیں ہے۔

جناب قائم مقام چیئرمین: ہمارے ہاں بھی نہیں ہے۔

سینیٹر ڈاکٹر عزیز اللہ سانکزئی: آپ کم از کم نزدیک سے گزرتے تو ہوں گے، ہم نے تو ابھی پہلی دفعہ دیکھی ہے۔ صورتحال یہ ہے کہ ہمارے ہاں بسوں میں بالکل شیشے نہیں

ہوتے، شیشے کیا چیز ہیں۔ ان میں لوگ ایسے بھرے جاتے ہیں جیسے کہ بھیڑ اور بکریاں بھری جاتی ہیں اور آئے دن accident ہوتے ہیں اور وہاں جو کم سے کم آدمی مرتے ہیں وہ 15 ہوتے ہیں ورنہ 40 ' 45 اور 50 لوگ مرتے ہیں اور وہاں طریقہ کار یہ ہوتا ہے کہ بس مالک لوگوں کے گھر چلا جاتا ہے کہ جی اللہ کا حکم تھا' اب میں کیا کروں۔ جناب! مہربانی کیجئے اور خاص طور پر بلوچستان کے لئے اپنے توسط سے ایک خصوصی رولنگ دیں کہ اتنے لوگ بٹھانے سے جو حادثات ہوتے ہیں ان کا کوئی تدارک کیا جائے۔ میں آپ کے توسط سے کہہ رہا ہوں۔

جناب قائم مقام چیئرمین: کمیٹی بن گئی ہے، آپ اس میں جائیں۔

سینیٹر ڈاکٹر عزیز اللہ ساتکزئی: جی جی میں نے وہ سن لیا ہے۔ خصوصی طور پر میں آپ سے اس لیے کہہ رہا ہوں کہ پورے پاکستان میں front seat کا تصور نہیں ہے۔ میں route آپ کو بتا دوں، کوئٹہ ۔ سبی، کوئٹہ ۔ جیکب آباد' اس میں پہلے نمبر کی سیٹوں پر جو بھی بیٹھے گا وہ double کرایہ دے گا یعنی اگر 150 روپے کرایہ ہے تو وہ 300 روپے بھرے گا اور ابھی تک یہ لوگ لے رہے ہیں۔ میں آپ سے special request کرتا ہوں کہ اس system کو ختم کرائیں۔ شکریہ۔

Mr. Acting Chairman: Thank you very much. I think enough is enough. Professor sahib, one minute please. Any minister would like to wind up this proceedings.

Dr. Sher Afgan Khan Niazi: Sir, in fact, the matter has been referred to the Committee.

جناب! میری گزارش یہ ہے کہ whenever a matter is referred to the Committee پھر closure کی ضرورت ہی نہیں ہے۔

Mr. Acting Chairman: I know that.

ڈاکٹر صاحب! میں تو کہہ رہا تھا کہ

if you have anything to add. Alright. O.K. Professor sahib.

# CONDOLENCE RESOLUTION FOR MAULANA INAYAT UR REHMAN.

سینیٹر پروفیسر خورشید احمد، بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ یہ وہ condolence resolution ہے۔

"The Senate of Pakistan places on record its profound grief and sorrow on the sad death of a renowned Islamic scholar and Parliamentarian Maulana Inayat-ur-Rehman , MNA , from Malakand Agency . Maulana Inayat-ur-Rehman was also rector of a leading academic institution *Darul Uloom Rehmaniya* , Dargai , Malakand . The Senate expresses its condolences to the berieved family and friends of the scholar and prays *Allah Subhanahu Taala* to bless his soul and give him a place in the precincts of *Jannah*.

The Senate further resolves that a copy of this resolution be sent to the family of the departed scholar and MNA."

**Mr. Acting Chairman:** Thank you very much Professor sahib. The House is adjourned to meet again on Thursday the 23rd September, 2004 at 6.00 P.M.

-----------------------

*[The House was then adjourned to meet again on Thursday the 23rd September, 2004 at 6.00 P.M..]*

-----------------------